### کوئٹہ، پنجگور کے علاقے سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کر علاقے گرمکان کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی لاش ملی پولیس نے نعش ہسپتال منتقل کر دی جس کو ضروری کاروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانہ میں رکھ دیا گیا۔

★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

# روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 294 بروز بدھ 22 جولائی 2026ء 6 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

### کوئٹہ، نامعلوم مسلح ڈاکو ایک شخص کو زخمی کر کے موٹر سائیکل چھین کر لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بھکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح ڈاکو ایک شخص کو زخمی کر کے موٹر سائیکل چھین کر لے گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز محمد مراد نامی شخص بھکی کے علاقے لبی کے میں جا رہا تھا کہ نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل چھین لی مذاہمت پر فائرنگ کر کے اس کو زخمی کر دیا موٹر سائیکل لے کر فرار ہو گئے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کاروائی پولیس کر رہی ہے۔

### پیپلز پارٹی مرکز میں ہماری اتحادی مگر آزاد کشمیر میں سیاسی مقابلہ الگ حقیقت ہے: طارق فضل چوہدری

مظفرآباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی مرکز میں مسلم لیگ (ن) کی اتحادی جماعت ہے اور اس کی قیادت ہمارے لیے قابل احترام ہے، تاہم آزاد کشمیر میں د (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

### ٹرمپ نے رواں ہفتے درجنوں ممالک پر نئے درآمدی ٹیرف عائد کرنے کی تیاری کر لی، رپورٹ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ٹرمپ نے رواں ہفتے درجنوں ممالک پر نئے درآمدی ٹیرف عائد کرنے کی تیاری کر لی ہے۔ اس حوالے سے لندن سے برطانوی اخبار کے مطابق جمعہ کو عارضی 10 فیصد عالمی ٹیرف کی مدت ختم ہونے پر نئی ڈیوٹیاں لگائی جا سکتی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

### پاکستان، بیلجیم اور یورپی یونین کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے، صدر زرداری



اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیلجیم کے قومی دن کے موقع پر شاہ فلپ، بیلجیم کی حکومت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ملاقات میں پاک۔ایران تعلقات، دوطرفہ تجارت، بارڈر مینجمنٹ، سرمایہ کاری، بارڈر مارکیٹس، علاقائی امن، سیکیورٹی تعاون اور معاشی روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

# وزیراعلیٰ بلوچستان سے ایرانی صوبہ سیستان کے گورنر کی ملاقات، علاقائی استحکام کے فروغ پر اتفاق

میر سرفراز بگٹی نے ایران کے سپریم لیڈر کی شہادت پر گورنر سیستان منصور بجار سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام اس دکھ کی گھڑی میں ایرانی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسلامی جمہوریہ ایران کے صوبہ سیستان کے گورنر منصور بجار نے ملاقات کی، جس میں پاک۔ایران تعلقات، دوطرفہ تجارت، بارڈر مینجمنٹ، سرمایہ کاری، بارڈر مارکیٹس، علاقائی امن، سیکیورٹی تعاون اور معاشی روابط کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے آغاز میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایران کے سپریم لیڈر کی شہادت پر گورنر سیستان منصور بجار سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام اس دکھ کی گھڑی میں ایرانی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اس موقع پر گورنر سیستان منصور بجار نے بلوچستان کی حکومت اور عوام کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کی ملاقات، پاک ایران تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

پاکستان کا خطے میں امن کے لیے ثالثی کا کردار جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ، ایرانی وزیر داخلہ کی سفارتی کوششوں اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر زور

فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں

# پاکستان مخلص ثالث اور سہولت کار کا کردار جاری رکھے گا

شہباز شریف

ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے اسلام آباد میں پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا، ایرانی قیادت کی جانب سے وزیراعظم کیلئے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام پہنچایا

اسلام آباد (آن لائن) اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، جس میں پاک ایران تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چو (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

راولپنڈی، چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی ملاقات کر رہے ہیں

### چینی کمپنی کی پاکستان کے انفراسٹرکچر شعبے میں سرمایہ کاری میں دلچسپی

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے امکانات روشن ہو گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے جاری حکومتی اقدامات اور اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مؤثر سہولت کاری کے نتیجے میں عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اسی سلسلے میں چین کے معروف شینڈونگ ہائی اسپیڈ گروپ نے پاکستان کے انفراسٹرکچر، ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

### کوئٹہ سے کراچی جانے والی گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، دو خواتین ہلاک بچے سمیت دو افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) منگوچر کے علاقے میں کوئٹہ سے کراچی جانے والی گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو خواتین ہلاک بچے سمیت دو افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز ژوب سے مریض لے کر کراچی جانے والی گاڑ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

### پاکستان نے جولائی کا مہنگا ترین ایل این جی سپاٹ کارگو 21.88 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو میں خرید لیا

پی ایل ایل کو ایک ہی بولی موصول، ٹوٹل انرجیز سے ایل این جی کارگو کی خریداری، قیمت مسلسل بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے جولائی کے لیے اب تک کا مہنگا ترین سپاٹ ایل این جی کارگو خرید لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) نے 27 سے 28 جولائی کے درمیان ڈیلیوری کے لیے سپاٹ ایل این جی کارگو 21.88 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کے نرخ پر خریدنے کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کارگو کی خریدا (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

### مولانا فضل الرحمن کی زیر صدارت جے یو آئی مرکزی مجلس عاملہ اور چاروں صوبوں کے امراء و نظماء کا مشترکہ اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان (جے یو آئی) کی مرکزی مجلس عاملہ اور چاروں صوبوں کے امراء و نظماء کا مشترکہ اجلاس مولانا فضل الرحمن کی صدارت میں اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں طویل غور و خوض کے بعد متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے اجلاس کے فیصلوں کی تفصیلات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

### دانش سکولز میں بلوچستان، بنگلہ دیشی طلباء کا کوٹہ بڑھانے کا فیصلہ

اے آئی نصاب، گلوبل اسکالرشپ اور نئے دانش سکولز جلد مکمل کرنے کی ہدایات

دانش سکولز میں بلوچستان اور بنگلہ دیشی طلباء کے لیے خصوصی کوٹے بڑھانے کا جائزہ لیا

لاہور/کوئٹہ (آن لائن) وزیر تعلیم کی زیر صدارت دانش سکولز اتھارٹی کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں دانش سکولز سے متعلق متعدد اہم فیصلے کیے گئے اور جاری منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں میٹرک امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی دانش سکولز کی دو طالبات کو بھی مدعو کیا گیا، جبکہ مختلف تعلیمی اور انتظامی امور پر (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ہنی ویل ٹیکنالوجیز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ایرانی وزیر داخلہ نے علاقائی کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کی مسلسل کوششوں اور ناگزیر سفارتی کردار کو سراہا، آئی ایس پی آر

# فیلڈ مارشل سے ایرانی وزیر داخلہ کی ملاقات، کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کی مسلسل کوششوں کی تعریف

دونوں رہنماؤں کا علاقائی سکیورٹی کے تحفظ اور باہمی خوشحالی کے لیے کوآپریٹو میکنزم برقرار رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ

علاقائی اور دوطرفہ سکیورٹی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں مؤثر بارڈر مینجمنٹ کے حوالے سے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کی ملاقات ہوئی، ملاقات کے دوران علاقائی اور دوطرفہ سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی کی جی ایچ کیو راولپنڈی آمد ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کی ملاقات ہوئی، اس دوران علاقائی اور دوطرفہ سکیورٹی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں مؤثر بارڈر مینجمنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی وزیراعظم انٹس سسٹم کے اجراء کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے چیلنجز کے حل، پائیدار امن اور نوجوانوں کی فیصلہ سازی میں شمولیت ناگزیر ہے، جعفر خان مندوخیل

# ملکی ترقی کیلئے سیاسی مکالمہ، سماجی ہم آہنگی اور اجتماعی مفادات کو فروغ دینا ہوگا

گورنر بلوچستان

ہم مشترکہ کوششوں کے ذریعے ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کی تعمیر کر سکتے ہیں، جماعت اسلامی وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش پیچیدہ چیلنجز سنجیدہ اقدامات اور پائیدار حل کے متقاضی ہیں۔ پاکستان کا معاشی مستقبل بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی سے جڑا ہوا ہے۔ جبکہ امن کے بغیر ترقی پروان نہیں چڑھ سکتی ای (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

کمشنر بلوچستان انفارمیشن کمیشن عبدالشکور بلوچستان انفارمیشن کمیشن کے زیر اہتمام حق معلومات کے قانون کی آگاہی نشست کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

### لورالائی، شہر بھر میں خصوصی صفائی مہم بھرپور انداز میں جاری

گلیوں، برساتی گزرگاہوں اور کچرے کی بروقت صفائی یقینی بنا رہا ہے

لورالائی (خ ن) صوبائی حکومت کے وژن، کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ بلوچ کی ہدایت اور نگرانی میں شہر بھر میں خصوصی صفائی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ شہریوں کو صاف، صحت مند اور خوشگوار ماحول کی فراہمی (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

### اداروں کے خلاف مبینہ ہرزہ سرائی کیس: نورین نیازی آج بھی این سی سی آئی اے میں پیش نہ ہوئیں

اسلام آباد (آن لائن) اداروں کے خلاف مبینہ ہرزہ سرائی کے معاملے پر بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی پیر کو بھی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

### ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت اہم اجلاس

معلومات کے تبادلے اور عوامی مفاد سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ

بارکھان (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے امن، عوامی تحفظ اور مؤثر طرز حکمرانی کے وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) اور ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کے ماہانہ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

### کوئٹہ کے نجی ہسپتال میں خاتون کے ہاں بیک وقت 5 بچوں کی ولادت

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نجی اسپتال میں ایک خاتون کے ہاں بیک وقت 5 بچوں کی پیدائش ہوئی ہے۔ اسپتال انتظامیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئے، محسن نقوی نے ایرانی وزیر داخلہ کا پرتپاک استقبال کیا

# پاکستان اور ایران کے تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

ان کے اس دورے سے دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ ملے گا اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد (آن لائن) ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ پاکستان کے سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے، جہاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نور خان ایئربیس پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے ایرانی وزیر داخلہ کو گلدستہ پیش کیا، جبکہ پاکستان میں ایران کے سفیر رضا امیری مقدم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ایئرپورٹ پر ایرانی مہمان کا خیر مقدم کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

### وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار خیر محمد کو گیس بل کی مد میں 1 لاکھ 7 ہزار کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار خیر محمد نے بتایا گیس لیکج کے باعث درخواست گزار کو 2 لاکھ سے زائد کا بل موصول ہوا، جس کی درستگی کے لیے وہ گیس آفس گئے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

### سینیٹر انوشہ رحمان کی زیر صدارت سینیٹ ذیلی کمیٹی برائے صحت کا اجلاس

وفاقی وزیر صحت کی عدم موجودگی پر کمیٹی اراکین نے شدید تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی ذیلی کمیٹی برائے صحت کا اجلاس سینیٹر انوشہ رحمان کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کے حکام، مختلف جامعات کے وائس چانسلرز اور کمیٹی اراکین نے شرکت کی، جبکہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئیں۔ اجلاس کے آغاز پر وفاقی وزیر صحت کی عدم موجودگی پر کمیٹی اراکین نے شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ رکن کمیٹی شاہ زیب درانی نے کہا کہ وزیر کی درخواست پر اجلاس تیسری مرتبہ ری شیڈول کیا گیا، اس کے باوجود ان کی عدم شرکت افسوسناک ہے۔ چیئرپرسن انوشہ رحمان نے کہا کہ اگر وزیر آج بھی کمیٹی میں شریک نہیں ہوتے تو کل دوبارہ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

# وفاق اور صوبوں کا گندم مارکیٹ مستحکم رکھنے پر اتفاق

احد چیمہ کی زیر صدارت گندم کی صورتحال کا جائزہ، ملک میں قلت کا کوئی خطرہ نہیں، صوبوں کی بریفنگ

پاسکو صوبائی حکومتوں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہا ہے ضرورت پڑنے پر اضافی اسٹاک فراہم کیے جائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر احد چیمہ کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک میں گندم کے ذخائر، مارکیٹ کی صورتحال اور سپلائی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین سمیت چاروں صوبوں کے نمائندوں اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی نمائندوں نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ملک بھر میں گندم کی مارکیٹ مستحکم (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

### فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کی ملاقات

پاکستان اور کینیڈا کا دفاعی و سلامتی تعاون مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (آن لائن) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

### اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کا (RHC) جیوانی کا دورہ

ہسپتال کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

### این ڈی ایم اے کا 24 جولائی تک سیلاب، اربن فلڈنگ اور لینڈ سلائیڈنگ کا ہائی الرٹ جاری

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے ملک بھر میں جاری مون سون بارشوں کے پیش نظر 24 جولائی تک سیلاب، اربن فلڈنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

اسلام آباد، گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ ایڈووکیٹ امجد حسین وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

### پٹرولیم قیمتوں کے تعین کا نیا نظام متعارف کرانے کی تیاری

قیمتیں روزانہ مقرر کرنے کی تجویز پر پیٹرولیم ڈیلرز کا اظہار اعتماد

ڈیلرز کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔ وزیر پٹرولیم نے یقین دلایا کہ ڈیلرز کی تجاویز کو مناسب اہمیت دی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن (پی پی ڈی اے) کے وفد سے ملاقات کی، جس میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے نئے نظام، ڈی ریگولیشن، مارکیٹ اصلاحات اور پیٹرولیم ڈیلرز کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پی پی ڈی اے کے وفد کی قیادت چیف ایڈوائزر ملک خدا بخش، نائب صدر انعام (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

وزیراعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر کی اصلاحات اور مالیاتی منصوبوں کی کارکردگی کا خود ہفتہ وار جائزہ لیتے ہیں

# اقتصادی استحکام حکومتی اولین ترجیح، ٹیرف اور مختلف شعبوں میں جامع اصلاحات جاری ہیں، احد چیمہ

برطانوی ایف سی ڈی او کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سام والڈاک کی وفاقی وزیر سے ملاقات، ترقیاتی تعاون اور اصلاحاتی ایجنڈے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و خصوصی اقدامات احد خان چیمہ سے برطانیہ کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سام والڈاک نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعاون، ترقیاتی منصوبوں، اقتصادی اصلاحات اور مختلف شعبوں میں جاری حکومتی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر احد چیمہ نے کہا کہ اقتصادی استحکام (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

### خضدار، سینئر عربی ٹیچر مولوی محمد مراد قلندرانی اس فانی دنیا سے رخصت کر گئے

خضدار (آن لائن) انتہائی افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ سینئر عربی ٹیچر مولوی محمد مراد قلندرانی اس فانی دنیا سے رخصت (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

### محمد ثمیر انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) محمد ثمیر انتقال کر گئے۔ مرحوم پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی بچلاک کے علاقائی معاون سیکرٹری جمیل افغان زادہ کے بھتیجے، حاجی محمد کبیر خلجی کے پوتے، حاجی محمد عزیز (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

### جمعیت علما اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے مجلس عمومی کا اہم اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے مجلس عمومی کا ایک اہم اور تفصیلی اجلاس صوبائی امیر، سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت قلعہ سیف اللہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

### چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ڈاکٹر جی ایم پنہور انسٹیٹیوٹ کے طلبہ کی ملاقات

تعلیم قومی ترقی کی بنیاد ہے، نوجوان لگن، استقامت اور دیانت کو اپنا شعار بنائیں: چیف جسٹس

اسلام آباد (آن لائن) ڈاکٹر جی ایم پنہور انسٹیٹیوٹ آف نالج، لرننگ اینڈ اسکل میرپور خاص، سندھ کے 50 طلبہ پر مشتمل ایک وفد نے سپریم کورٹ آف پاکستان کا تعلیمی مطالعاتی دورے کے سلسلے میں دورہ کیا۔ اس موقع پر وفد نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے بھی ملاقات کی۔ یہ طلباء اس وقت پاکستان کی مختلف جامعات میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ وفد کی آمد پر چیف جسٹس نے طلبہ کو خوش آمدید کہا اور انہیں لگن، استقامت اور دیانت کے ساتھ تعلیمی میدان میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے کی تلقین کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ تعلیم فرد کی ترقی او (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

### اسحاق ڈار کی یو اے ای میں پاکستانی سفیر شفقات علی خان سے ملاقات

پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر شفقات علی خان نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری اور پاکستانی کمیونٹی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اسحاق ڈار نے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے برادرانہ، تاریخی اور دیرینہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

# وفاقی وزیر بحری امور کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد کا چین کا دورہ

ساحلی، ساحلی پٹی اور بندرگاہی انفراسٹرکچر کے باعث خطے میں تجارت اور ٹرانزٹ کے لیے ایک اہم مقام رکھتا ہے، جنید انور چوہدری

پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط اقتصادی و اسٹریٹجک شراکت داری، علاقائی روابط اور مربوط لاجسٹکس نیٹ ورک کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا

بیجنگ/چین (خ ن) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری کی سربراہی میں چیئرمین گوادر پورٹ نور الحق بلوچ اور اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد نے چین کا دورہ کیا، جہاں وفد نے بیجنگ میں منعقدہ اعلیٰ سطحی بین الاقوامی سیمینار "پاک۔ چین انٹرنیشنل لاجسٹکس حب کے ذریعے اقتصادی ترقی کا فروغ" میں شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انور چوہدری نے پاکستان اور چین کے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

روزنامہ
تعمیر وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

# کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا عذاب

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ شدید گرمی کے موسم میں گھنٹوں بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے، جبکہ بار بار وولٹیج میں کمی اور اچانک اتار چڑھاؤ کے باعث شہریوں کے گھروں میں نصب قیمتی برقی آلات اور مشینری جلنے لگی ہے، جس سے عوام کو لاکھوں روپے کے مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے باعث معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو چکے ہیں۔ گرمی کی شدت میں پنکھے، ایئر کولر اور دیگر ضروری برقی آلات بند ہونے سے بزرگ، خواتین، بچے اور بیمار افراد شدید اذیت میں مبتلا ہیں۔ کئی علاقوں میں رات کے اوقات میں بھی گھنٹوں بجلی غائب رہتی ہے، جس کے باعث لوگوں کی نیند اور روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے شہریوں نے شکایت کی ہے کہ کم وولٹیج اور بجلی کے بار بار آنے جانے سے فریج، اے سی، پنکھے، موٹرز، ٹی وی اور دیگر گھریلو برقی آلات خراب ہو رہے ہیں، مگر متعلقہ ادارے کی جانب سے اس مسئلے کے حل کے لیے کوئی مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ایک طرف بجلی کے بھاری بھرکم بل وصول کیے جا رہے ہیں، جبکہ دوسری جانب بنیادی سہولت کی فراہمی بھی یقینی نہیں بنائی جا رہی متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی میں بجلی کی مسلسل بندش کسی عذاب سے کم نہیں۔ کاروباری سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، طلبہ اپنی تعلیم جاری رکھنے میں مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ پانی کی فراہمی بھی بجلی نہ ہونے کے باعث متاثر ہو رہی ہے، جس سے شہریوں کی پریشانی مزید بڑھ گئی ہے شہریوں نے حکومت بلوچستان، وزارت توانائی، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ بجلی تقسیم کار ادارے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، کم وولٹیج کے مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جائے، اور بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری طور پر اس سنگین مسئلے کا نوٹس نہ لیا گیا تو شہریوں کا احتجاج شدت اختیار کر سکتا ہے

**بقیہ 01**

جانب سے اظہار یکجہتی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان، بالخصوص بلوچستان کے عوام کی محبت اور تعاون پر ہم شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا بنیادی مقصد دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور معاشی تعلقات کو مزید وسعت دینا ہے گورنر سیستان نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان موجودہ تجارتی حجم تقریباً تین ارب ڈالر ہے، تاہم مشترکہ کوششوں سے اسے بڑھا کر دس ارب ڈالر تک لے جایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی تعلقات اور تجارت کے فروغ سے نہ صرف معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ سیکیورٹی سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے میں بھی مدد ملے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان بارڈر پر بارٹر ٹریڈ کو فروغ دینے اور تجارتی حجم کو دس ارب ڈالر تک لے جانے کے ہدف کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ گورنر سیستان کی اس رائے سے مکمل اتفاق کرتے ہیں کہ معاشی سرگرمیوں میں اضافہ امن، استحکام اور بہتر سیکیورٹی ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا کرتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایران کے ساتھ سرحد پر قائم ابتدائی تین بارڈر مارکیٹس کو مزید فعال اور مؤثر بنایا جائے گا، جبکہ مستقبل میں مزید بارڈر مارکیٹس کے قیام پر بھی کام کیا جائے گا تاکہ سرحدی علاقوں کے عوام کو روزگار اور تجارت کے بہتر مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ چاغی سے تفتان تک ریلوے ٹریک کی بہتری کا منصوبہ دونوں برادر ممالک کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جس سے سامان کی ترسیل میں سہولت، تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ اور دوطرفہ تجارت کو مزید فروغ ملے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے بتایا کہ حکومت ویسٹرن کوریڈور کے تحفظ اور مؤثر نگرانی کے لیے ایک علیحدہ سیکیورٹی ڈویژن قائم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف منرل کوریڈور کو محفوظ اور فعال بنانے میں مدد ملے گی بلکہ ایران کے ساتھ تجارت کو بھی نئی تقویت ملے گی، جس سے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط مزید مستحکم ہوں گے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پائیدار امن ہی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو اس عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا کہ اپنی سرزمین پر موجود نان اسٹیٹ ایکٹرز کے مکمل خاتمے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں تاکہ سرحد کے دونوں جانب آباد بلوچ عوام امن، استحکام اور ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان لائیو اسٹاک کی تجارت کے فروغ کے لیے جدید سلاٹر ہاؤسز اور کولڈ اسٹوریج کی سہولیات قائم کر رہی ہے اور اس شعبے میں ایرانی وفد کی سرمایہ کاری میں دلچسپی کا خیر مقدم کرتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے تجویز دی کہ بلوچستان اور سیستان کی صوبائی حکومتیں مشترکہ ورکنگ گروپس تشکیل دیں تاکہ تجارت، سرمایہ کاری، سرحدی تعاون، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، زراعت، لائیو اسٹاک اور عوامی روابط سے متعلق معاملات پر مستقل بنیادوں پر پیش رفت کو یقینی بنایا جا سکے ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، سرحدی تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط کو فروغ دیا جائے گا اور امن، استحکام اور مشترکہ خوشحالی کے لیے باہمی تعاون کو مزید وسعت اختیار کرے گا۔

**بقیہ 02**

بیلجیم کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور خیر سگالی پر مبنی دیرینہ تعلقات موجود ہیں اور پاکستان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ پاکستان اور بیلجیم کے درمیان دوستانہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہوئے ہیں، جبکہ گزشتہ برسوں کے دوران تجارت، ترقی، سفارت کاری اور دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کی شراکت داری میں مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، جس میں بیلجیم کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک امن، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے اہداف کے حصول کے لیے اپنے تعاون کو مزید وسعت دیں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے اس اعتماد کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان اور بیلجیم کے درمیان دوستی، باہمی تعاون اور شراکت داری آئندہ برسوں میں مزید مستحکم ہوگی اور دونوں ممالک کے عوام اس سے یکساں طور پر مستفید ہوں گے۔

**بقیہ 03**

ہیں۔ برطانوی اخبار کے مطابق ابتدائی طور پر بیشتر ممالک پر 10 فیصد ٹیرف برقرار رہنے کا امکان ہے۔ اخبار کی رپورٹ کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ زیادہ شرح کے ٹیرف عائد کرنے کے لیے قانونی بنیاد بھی تیار کر رہی ہے۔

**بقیہ 04**

دونوں جماعتیں ایک دوسرے کے مقابلے میں انتخاب لڑ رہی ہیں، اس لیے سیاسی اختلافات کو حقائق کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہمیشہ آزاد کشمیر کے عوام کے مسائل کے حل کو ترجیح دی اور وفاقی حکومت نے ہر مرحلے پر مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا۔ آزاد کشمیر میں انتخابی مہم کے سلسلے میں خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے بعض رہنماؤں نے اپنے جلسوں میں مسلم لیگ (ن) کے خلاف بیانات دیے، حالانکہ آزاد کشمیر میں حکومت خود پیپلز پارٹی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مقبولیت کے لیے ایسے بیانات دینا مناسب نہیں جو عوام میں تقسیم پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وفاقی وزراء کی ٹیم نے آزاد کشمیر کا دورہ کیا اور عوامی مسائل کو مذاکرات اور باہمی مشاورت کے ذریعے پرامن انداز میں حل کیا۔ انہوں نے یاد دلایا کہ 27 ستمبر 2025 کو وفاقی وفد نے مظفرآباد کا دورہ کیا، جس کے بعد 3 اکتوبر 2025 کو آزاد کشمیر کے مسائل کے حل کے لیے ایک اہم معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ وفاقی وزیر کے مطابق معاہدے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزراء اور پیپلز پارٹی کی قیادت کو مشاورت کے لیے طلب کیا اور وزیر خزانہ کو ہدایت کی کہ آزاد کشمیر کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے درکار مالی وسائل بلا تاخیر فراہم کیے جائیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وفاقی حکومت نے آزاد کشمیر کے مسائل کے حل کے لیے طے شدہ 35 نکات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا، جبکہ 30 مئی 2026 کو بھی وزیراعظم کی ہدایت پر مظفرآباد میں مذاکرات کیے گئے تاکہ عوامی مسائل کا پائیدار حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کا واضح مؤقف ہے کہ کشمیر سے متعلق ہر فیصلے کا اختیار کشمیری عوام کو حاصل ہے اور وہ جو بھی فیصلہ کریں گے، وفاقی حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی جانب سے جلسے میں کشمیری عوام کے فیصلے کا احترام کرنے کی بات دراصل مسلم لیگ (ن) کے اسی مؤقف کی تائید ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے اور فیصل راٹھور کی حکومت کے مثبت اقدامات میں وفاق نے ہمیشہ بھرپور تعاون کیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت اپنے تعمیری کردار سے کبھی پیچھے نہیں ہٹے گی۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) سیاسی فائدے کے لیے کشمیر میں کسی قسم کی تفریق یا تفرقہ بازی کی حامی نہیں، بلکہ آزاد کشمیر میں اتحاد، یکجہتی اور پائیدار امن چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ایک خوشحال، ترقی یافتہ اور پرامن کشمیر دیکھنا چاہتی ہے کیونکہ کشمیر پاکستان کے ہر شہری کے دل میں بستا ہے۔

**بقیہ 05**

چوہدری اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس ماہ کے آغاز میں تہران کے اپنے دورے کا ذکر کرتے ہوئے، جہاں انہوں نے مرحوم سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کی تھی، سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای اور صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے لیے نیک تمناؤں اور احترام کا پیغام بھیجا۔ وزیراعظم نے خلیج میں حالیہ کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے اسلام آباد میں پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور ایرانی قیادت کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف کے لیے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ پاکستان آئے ہیں تاکہ دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ ایرانی وزیر داخلہ نے وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی امن و مفاہمت کے لیے سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں کے نتیجے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت طے پائی۔ انہوں نے مرحوم سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کے جنازے میں شرکت کے لیے وزیراعظم کے تہران کے دورے کو بھی سراہا اور اس پر شکریہ ادا کیا۔

**بقیہ 06**

رٹی کی منظوری پی ایل ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے دی، جبکہ اس ٹینڈر کے لیے صرف ایک ہی بولی موصول ہوئی، جو ٹوٹل انرجیز گیس اینڈ پاور کی جانب سے 21.88 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کی تھی۔ واحد بولی موصول ہونے کے باعث اسی کمپنی کو کارگو فراہم کرنے کے لیے منتخب کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق یہ جولائی کے لیے خریدا جانے والا پانچواں سپاٹ ایل این جی کارگو ہے اور اب تک کا مہنگا ترین کارگو بھی ثابت ہوا ہے۔ اس سے قبل پاکستان جولائی کے لیے چار سپاٹ ایل این جی کارگوز خرید چکا ہے، جن کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق 30 جون سے 4 جولائی کے دوران ڈیلیور ہونے والا ایل این جی کارگو 16.73 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو میں خریدا گیا، 10 سے 11 جولائی کی ڈیلیوری والا کارگو 17.37 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو میں حاصل کیا گیا، جبکہ 15 سے 16 جولائی کے لیے کارگو 18.23 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کے نرخ پر خریدا گیا تھا۔ اس کے بعد دو روز قبل ایک اور سپاٹ کارگو 20.69 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو میں خریدا گیا، جبکہ اب تازہ ترین خریداری 21.88 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک پہنچ گئی ہے۔ توانائی کے شعبے کے ماہرین کے مطابق عالمی منڈی میں ایل این جی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث پاکستان کے درآمدی توانائی بل پر مزید دباؤ پڑنے کا امکان ہے، جبکہ مہنگی ایل این جی کی خریداری کے اثرات مستقبل میں بجلی اور گیس کی قیمتوں پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں

**بقیہ 07**

بتاتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس عمومی کا دو روزہ دستوری اجلاس 19 اور 20 ستمبر 2026 کو منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں چاروں صوبوں میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا۔ ان کنونشنوں سے مولانا فضل الرحمن سمیت مرکزی اور صوبائی قائدین خطاب کریں گے۔ ترجمان کے مطابق جمعیت علماء اسلام پنجاب کے زیر اہتمام ستمبر، اکتوبر اور نومبر 2026 کے دوران صوبہ بھر میں بڑے اجتماعات منعقد کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ ان اجتماعات سے بھی مولانا فضل الرحمن اور دیگر قائدین خطاب کریں گے۔ اجلاس میں قصور میں ہونے والے عظیم الشان تحفظ مدارس دینیہ و عوامی حقوق کانفرنس میں مولانا فضل الرحمن کے بیان اور تقریر کی مکمل حمایت کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں مارچ میں سکھر میں امن عالم کانفرنس کے انعقاد کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس عظیم الشان اجتماع میں لاکھوں عوام شریک ہوں گے جبکہ پاکستان سمیت عالم اسلام کے ممتاز علماء کرام اور دیگر زعماء بھی شرکت کریں گے۔ یہ کانفرنس جمعیت علماء اسلام پاکستان کی سرپرستی اور نگرانی میں صوبہ سندھ کی جمعیت کے زیر اہتمام منعقد ہوگی۔ اجلاس کے اختتام پر جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ یہ فیصلے جماعت کو منظم اور متحرک بنانے کے لیے اٹھائے گئے ہیں۔

**بقیہ 08**

کے حوالے سے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی وزیر داخلہ نے علاقائی کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کی مسلسل کوششوں اور ناگزیر سفارتی کردار کو سراہا۔ ایرانی وزیر داخلہ نے کشیدگی کم کرنے کی حوصلہ افزائی اور بطور داعی امن خدمات پر پاکستانی کوششوں کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، علاقائی سکیورٹی کے تحفظ اور باہمی خوشحالی کے لیے آپریشنل میکنزم برقرار رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا۔

**بقیہ 09**

ان ٹی آر اے بھی حاصل کی گئیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دانش سکولز میں بلوچستان کے طلباء کے لیے خصوصی کوٹہ بڑھایا جائے گا، جبکہ وزیراعظم کی ہدایت پر بنگلہ دیش کے طلباء کے لیے بھی خصوصی کوٹہ مختص کیا جائے گا۔ وزیر تعلیم نے بتایا کہ بنگلہ دیش سے طلباء آئندہ سال دانش سکولز میں تعلیم حاصل کرنے آئیں گے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ دانش سکول پراجیکٹ کے تحت خصوصی کوٹے پر دیگر صوبوں کے تقریباً 1100 طلباء زیر تعلیم ہیں، جبکہ 110 طلباء ہیلن باؤس یونیورسٹی میں مکمل اسکالرشپ پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ دانش سکولز میں ششم سے نہم جماعت تک کے طلباء کے لیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی نصاب متعارف کرا دیا گیا ہے۔ وزیر تعلیم نے طلباء کے لیے گلوبل اسکالرشپ کا مؤثر نظام وضع کرنے اور میانوالی، ڈیرہ غازی خان، فاضل پور، عارف والا اور پھولنگر میں زیر تعمیر دانش سکولز جلد مکمل کرنے کی ہدایت بھی جاری کی۔ انہوں نے کہا کہ دانش سکول پراجیکٹ کا دائرہ کار مزید وسعت دینے کے لیے مختلف تجاویز زیر غور ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ طلباء کو معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کی جا سکے

**بقیہ 10**

امور، علاقائی سلامتی اور پاکستان و کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عالمی امن اور علاقائی استحکام کے حوالے سے پاکستان کے مؤقف کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں پائیدار امن، تعاون، باہمی احترام اور تعمیری روابط کے فروغ سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے دہشت گردی سمیت مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون اور مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایسے خطرات کا مقابلہ اجتماعی حکمت عملی اور قریبی اشتراک سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی نمایاں کوششوں، قربانیوں اور کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کی بھی تعریف کی اور کہا کہ پاکستان نے علاقائی سلامتی کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے پاکستان اور کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور دفاع، سلامتی اور دیگر باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں عملی تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا

**بقیہ 11**

کمشنر جیوانی طارق امام بلوچ نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جیوانی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران آر ایچ سی جیوانی کے انچارج ڈاکٹر ادریس بلوچ نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، دستیاب طبی سہولیات، عملے کی حاضری، ادویات کی فراہمی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور ادارے کو درپیش مسائل سے متعلق اسسٹنٹ کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مسائل کے حل کے لیے درکار اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا، جن میں او پی ڈی، ایمرجنسی، مردانہ و خواتین وارڈز، لیبارٹری، ایم این سی ایچ سینٹر، نیوٹریشن سینٹر، فارمیسی، ریکارڈ روم اور دیگر طبی سہولیات شامل تھیں۔ انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی کی صورتحال، ادویات کی دستیابی اور مجموعی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی اور ہدایت جاری کی کہ تمام افسران و ملازمین مقررہ اوقات کار کی سختی سے پابندی کریں، مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور عوام کو بروقت، معیاری اور بلاتعطل طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر نے فارمیسی اسٹور کا بھی معائنہ کیا اور ادویات کے ذخیرے، ریکارڈ اور دستیابی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر ہدایت کی کہ لائف سیونگ ڈرگز، ایمرجنسی ادویات اور دیگر ضروری طبی سامان ہر وقت وافر مقدار میں دستیاب رکھا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو فوری اور مؤثر طبی امداد فراہم کی جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر طارق امام بلوچ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر کے سرکاری صحت مراکز کی مسلسل نگرانی جاری رہے گی اور عوام کو معیاری، بروقت اور بلاامتیاز طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ہسپتال کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو مزید بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

**بقیہ 12**

اور لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات سے متعلق ہائی الرٹ جاری کرتے ہوئے متعلقہ وفاقی، صوبائی اور ضلعی اداروں کو مکمل طور پر چوکس رہنے کی ہدایت کی ہے۔ اتھارٹی نے خبردار کیا ہے کہ گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، خیبر پختونخوا، پنجاب اور شمال مشرقی بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دریاؤں، ندی نالوں اور پہاڑی برساتی گزرگاہوں میں اچانک سیلابی ریلوں کا خطرہ موجود ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق دریائے چناب کے مرالہ کے مقام اور دریائے جہلم کے منگلا کے بالائی علاقوں میں اونچے درجے کے سیلاب کی پیش گوئی کی گئی ہے، جبکہ متعدد برساتی نالوں میں پانی کی سطح اچانک بلند ہونے کا بھی امکان ہے۔ اتھارٹی نے خبردار کیا کہ اگر بھارت اپنے تھین، پونگ اور بھاکڑا ڈیمز سے اضافی پانی خارج کرتا ہے تو دریائے راوی اور دریائے ستلج میں پانی کے بہاؤ میں نمایاں اضافہ ہو سکتا ہے، جس کے باعث نشیبی علاقوں میں صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق راولپنڈی، جہلم، گوجرانوالہ، سرگودھا، خوشاب، سیالکوٹ، گجرات، نارووال، لاہور، اوکاڑہ، چکوال اور اٹک کے شہری علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خطرہ ہے، جبکہ 21 سے 23 جولائی کے دوران چترال اور گلگت بلتستان کے مختلف پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور ملبے کے ریلے آنے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ این ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کی جائے، امدادی ٹیموں اور ضروری مشینری کی پیشگی تعیناتی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری رسپانس کے انتظامات مکمل رکھے جائیں۔ اتھارٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ دریاؤں، ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں کے قریب جانے سے گریز کریں، پہاڑی علاقوں میں غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں اور صرف مستند ذرائع سے جاری ہونے والی موسمی اور حفاظتی ہدایات پر عمل کریں۔ این ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ وفاقی، صوبائی اور ضلعی اداروں کو بھی ہدایت جاری کی ہے کہ ممکنہ موسمی صورتحال کے پیش نظر مکمل الرٹ رہتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات بروقت یقینی بنائے جائیں۔

**بقیہ 13**

کر گئے۔ مرحوم نے توتک، زہری، یارو، باجوڑی، گھڑ ماڑی اور دیگر علاقوں میں بطور 'عربی ٹیچر' اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانت داری اور اخلاص کے ساتھ انجام دیں۔ استاد محترم کا انتقال آغا خان ہسپتال کراچی میں ہوا وہ سعادت علی، شجاعت علی اور صداقت علی کے 'والد' جبکہ حاجی محمد خان قلندرانی اور محمد نواز قلندرانی کے 'چچا' تھے۔ اللہ تعالیٰ 'مرحوم کی کامل مغفرت فرمائیں' جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے 'ان کی قبر کو نور سے بھر دے اور تمام اہل خانہ عزیز و اقارب اور شاگردوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

**بقیہ 14**

کے صاحبزادے، جبکہ رفیع اللہ اور عصمت اللہ کے بھائی تھے۔ مرحوم کے انتقال پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری مالیات یوسف خان کاکڑ، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ڈاکٹر صلاح الدین اور پروفیسر اسد خان ترین، مرکزی کمیٹی کے رکن ملک گران، ضلع معاون سیکرٹری امیر خان کاکڑ اور علاقائی سیکرٹری عبدالہادی، علاقائی سینئر معاون سیکرٹری گلزار خان نے گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ اپنے تعزیتی بیان میں رہنماؤں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے، جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر جمیل، حوصلے اور استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دریں اثناء مرحوم کی فاتحہ خوانی کچلاک میں حاجی محمد کبیر خلجی کی رہائش گاہ پر جاری ہے۔

**بقیہ 15**

میں صوبائی نائب امیر مولانا کمال الدین اور صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی محمد نواز خان کاکڑ نے خصوصی شرکت کی، جبکہ ضلع بھر کے ذمہ داران، تحصیل و یونٹ عہدیداران اور کارکنان کی بڑی تعداد بھی شریک ہوئی۔ اجلاس میں ضلع قلعہ سیف اللہ اور مجموعی طور پر صوبہ بلوچستان کی امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء نے عوام کو درپیش مسائل، امن کے قیام، اور موجودہ حالات میں جماعت کی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ کارکنان کی بہتر رہنمائی، عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے اور آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔ اجلاس میں تنظیمی امور کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ ضلعی، تحصیل اور ذیلی تنظیموں کی کارکردگی کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے ان کی فعالیت کو مزید مؤثر بنانے، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط کرنے، کارکنوں کی تربیت اور رابطہ عوام مہم کو وسعت دینے کے حوالے سے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، قومی و صوبائی معاملات اور جمعیت علما اسلام کے آئندہ لائحہ عمل پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کی ہدایات اور پالیسی سے شرکا کو آگاہ کرتے ہوئے انہیں نچلی سطح تک مؤثر انداز میں پہنچانے کی ہدایت کی، تاکہ جماعت کا ہر کارکن یکساں پیغام اور منظم حکمت عملی کے ساتھ عوام کے درمیان اپنا کردار ادا کرے۔ اجلاس میں صوبہ بھر میں متوقع ورکرز کنونشن کی تیاریوں کے حوالے سے بھی خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ تمام ضلعی، تحصیل اور ذیلی تنظیموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ کارکنوں کی بھرپور شرکت، تنظیمی تیاریوں اور عوامی رابطہ مہم کو تیز کرتے ہوئے ورکرز کنونشن کو کامیاب بنانے کے لیے فوری اقدامات کریں۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ جمعیت علما اسلام عوام کے حقوق، امن و استحکام، آئین و جمہوریت کے تحفظ اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد بھرپور انداز میں جاری رکھے گی، جبکہ صوبے میں امن و امان کے قیام، عوامی مسائل کے حل اور کارکنوں کی تنظیمی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

**بقیہ 16**

الحق اور چیئرمین ہمایوں خان نے کی۔ وفد نے آبنائے ہرمز کے بحران کے دوران ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے پر وزارت پٹرولیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ علاقائی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان میں ایندھن کی سپلائی برقرار رکھنا ایک اہم کامیابی ہے۔ ملک خدا بخش نے کہا کہ کئی پڑوسی ممالک کو پٹرولیم مصنوعات کی قلت اور امن و امان کے مسائل کا سامنا رہا، جبکہ پاکستان نے بروقت اور مؤثر حکومتی اقدامات کے ذریعے سپلائی چین کو منظم رکھا۔ انہوں نے حکومت کی پالیسیوں کے لیے پیٹرولیم ڈیلرز کے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے وفد کو بتایا کہ حکومت ہفتہ وار قیمتوں کے اعلان کے بجائے یومیہ قیمتوں کے تعین کا نیا نظام متعارف کرانے پر غور کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ نظام بین الاقوامی منڈی میں گزشتہ سات دن کی رولنگ اوسط قیمتوں کی بنیاد پر کام کرے گا، جس سے قیمتوں کا تعین زیادہ شفاف ہوگا، مارکیٹ میں بگاڑ اور ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی ہوگی، جبکہ عالمی قیمتوں کی حقیقی عکاسی بھی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صارفین کے مفادات کے تحفظ اور شفافیت کو فروغ دینے کے لیے مارکیٹ پر مبنی قیمتوں کے نظام کی جانب پیش رفت کر رہی ہے۔ ان کے مطابق وقتاً فوقتاً قیمتوں کے اعلانات سے بعض عناصر کو مارکیٹ میں ہیرا پھیری اور ذخیرہ اندوزی کا موقع ملتا تھا، جسے نئے نظام کے ذریعے محدود کیا جا سکے گا۔ پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے مجوزہ طریقہ کار کی حمایت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) اور ڈیلرز کے درمیان قواعد و ضوابط اور آپریشنل طریقہ کار مرتب کرتے وقت ڈیلرز کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔ وزیر پیٹرولیم نے یقین دلایا کہ ڈیلرز کی تجاویز کو مناسب اہمیت دی جائے گی۔ وفد نے ڈیلرز کے مارجن میں زیر التواء اضافے کا معاملہ بھی اٹھایا اور مارجن کو 8 فیصد تک بڑھانے کی درخواست کی۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ اس سلسلے میں پیش رفت جاری ہے اور اس معاملے پر تفصیلی مشاورت کے لیے پی پی ڈی اے اور اوگرا کے نمائندوں کے درمیان منگل کو ایک اہم اجلاس بھی منعقد ہوگا۔

**بقیہ 17**

درمیان مضبوط اقتصادی و اسٹریٹجک شراکت داری، علاقائی روابط اور مربوط لاجسٹکس نیٹ ورک کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان جاری تعاون، چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک)، گوادر پورٹ اور گوادر فری زون کے ذریعے خطے میں تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اپنے جغرافیائی محل وقوع، ساحلی پٹی اور بندرگاہی انفراسٹرکچر کے باعث خطے میں تجارت اور ٹرانزٹ کے لیے ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ کو جدید لاجسٹکس، ٹرانس شپمنٹ، بحری خدمات اور علاقائی تجارت کے مرکز کے طور پر ترقی دینے کے لیے پاکستان چین سمیت دوست ممالک کے سرمایہ کاروں کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ مربوط ملٹی موڈل ٹرانسپورٹ نیٹ ورک اور جدید لاجسٹکس انفراسٹرکچر کے ذریعے چین، پاکستان، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور دیگر خطوں کے درمیان تجارتی روابط کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے چینی حکومتی اداروں، کاروباری کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کو پاکستان میں بالخصوص گوادر پورٹ اور گوادر فری زون سے منسلک شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی۔ سیمینار سے چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے اپنے خطاب میں گوادر پورٹ کی منفرد جغرافیائی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ گوادر مشرق وسطیٰ، وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مغربی چین کے سنگم پر واقع ہے، جو اسے علاقائی لاجسٹکس، ٹرانس شپمنٹ، بنکرنگ اور بحری خدمات کے مرکز کے طور پر غیر معمولی اہمیت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے شرکاء کو گوادر پورٹ پر جاری تجارتی سرگرمیوں، کارگو ہینڈلنگ، حالیہ کمرشل بنکرنگ آپریشنز، ٹرانس شپمنٹ سہولیات، جدید بندرگاہی انفراسٹرکچر اور گوادر فری زون میں دستیاب سرمایہ کاری کے وسیع مواقع سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان سرمایہ کاروں کو ٹیکس مراعات، کسٹمز سہولیات اور کاروبار دوست پالیسیوں کے ذریعے سازگار ماحول فراہم کر رہی ہے۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے چینی سرمایہ کاروں کو بندرگاہ سے منسلک صنعتوں، لاجسٹکس، ویئر ہاؤسنگ، جہازوں کی مرمت، ماہی گیری، قابل تجدید توانائی، ویلیو ایڈڈ لاجسٹکس اور دیگر صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ گوادر پورٹ مستقبل قریب میں پورے خطے کی اقتصادی سرگرمیوں کا اہم مرکز بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے گوادر پورٹ کو صرف ایک تجارتی بندرگاہ نہیں بلکہ مستقبل کے علاقائی انرجی، لاجسٹکس اور ملٹی موڈل ٹرانسپورٹ حب کے طور پر پیش کرتے ہوئے چینی سرمایہ کاروں کو توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی وسیع صلاحیتوں سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے لینڈ بیسڈ ایل این جی ٹرمینل کے تصور پر بھی روشنی ڈالی، جو پاکستان کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ علاقائی توانائی رابطہ کاری کو فروغ دے سکتا ہے۔ نورالحق بلوچ نے بتایا کہ مجوزہ منصوبہ 3 سے 4 ارب امریکی ڈالر کی متوقع سرمایہ کاری، 35 بی سی ایف (BCF) ایل این جی اسٹوریج اور تقریباً 125 ایکڑ پر محیط جدید انفراسٹرکچر پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے منصوبے پاکستان میں توانائی کی دستیابی اور توانائی کے تحفظ کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ گوادر کو جدید انرجی لاجسٹکس حب میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ سیمینار کے دوران چین اور پاکستان کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے، مربوط لاجسٹکس نیٹ ورک، ملٹی موڈل ٹرانسپورٹ کوریڈورز اور بندرگاہ سے منسلک صنعتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں ایسے منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جن کی مجموعی ممکنہ سرمایہ کاری 10 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کر سکتی ہے۔ مجوزہ منصوبوں میں ملٹی موڈل ٹرانسپورٹ کوریڈورز، لاجسٹکس پارکس، میری ٹائم سروسز، بندرگاہ سے منسلک صنعتی انفراسٹرکچر، ویلیو ایڈڈ لاجسٹکس پلیٹ فارمز اور توانائی کے منصوبے شامل ہیں۔ چینی کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں نے گوادر پورٹ کی ترقی اور مستقبل کے امکانات میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں مشترکہ سرمایہ کاری اور تعاون پر آمادگی ظاہر کی۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے کہا کہ گوادر پورٹ پر عالمی معیار کی بندرگاہی سہولیات، گہرے پانی کی بندرگاہ، گوادر فری زون، حالیہ کامیاب کمرشل بنکرنگ آپریشنز، ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں اور مستقبل کے انرجی منصوبوں کا امتزاج گوادر کو خطے میں سرمایہ کاری کے لیے ایک منفرد اور پرکشش منزل بناتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ گوادر پورٹ اتھارٹی سرمایہ کاروں کو شفاف، سازگار اور بین الاقوامی معیار کی کاروباری سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ نہ صرف سی پیک کا سمندری دروازہ ہے بلکہ مستقبل میں پاکستان کو علاقائی تجارت، ٹرانزٹ، لاجسٹکس اور بحری معیشت کا مرکزی مرکز بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ بیجنگ میں منعقدہ اس اعلیٰ سطحی فورم میں لوہانگ ریل ٹرانسپورٹیشن ٹیکنالوجی کمپنی لمیٹڈ (Luhang Transportation Rail LtdCompanyTechnology) کے چیئرمین لن جیان ہوئی (JianhuiLin) سمیت چینی حکومتی نمائندوں، سرکاری اداروں، لاجسٹکس کمپنیوں، سرمایہ کاروں اور ماہرین نے شرکت کی۔ فورم میں گوادر پورٹ اتھارٹی کی شرکت پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے، غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور گوادر کو عالمی معیار کے تجارتی، لاجسٹکس اور انرجی مرکز کے طور پر متعارف کرانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔

**بقیہ 18**

ہدایت کی کہ یو اے ای کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ نائب وزیراعظم نے بالخصوص اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں روابط بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجود وسیع امکانات سے بھرپور استفادہ کیا جانا چاہیے تاکہ باہمی شراکت داری مزید مستحکم ہو۔ اسحاق ڈار نے متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں کی فلاح و بہبود، مسائل کے بروقت حل اور بہتر قونصلر خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی سہولت اور تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے سفیر شفقات علی خان کو ہدایت کی کہ وہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان سیاسی، اقتصادی، تجارتی، سرمایہ کاری اور عوامی روابط سمیت ہر شعبے میں تعاون کے فروغ کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ ملاقات میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں ممالک کی قیادت کے وژن کے مطابق باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی تاکہ مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے اہداف حاصل کیے جا سکیں

**بقیہ 19**

ہے اور کسی قسم کی قلت کا کوئی خطرہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی قلت پیدا کرنے اور قیمتوں میں ناجائز اضافے کی روک تھام کے لیے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں اور مارکیٹ کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے احد چیمہ نے کہا کہ پاسکو معاہدوں کے مطابق تمام صوبوں کو گندم کے طے شدہ ذخائر بروقت جاری کیے جائیں گے تاکہ سپلائی کا نظام بلاتعطل برقرار رہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی صوبے کو اضافی گندم کی ضرورت پیش آئی تو وفاق اس کی فراہمی بھی یقینی بنائے گا۔ احد چیمہ نے مزید کہا کہ اگر صوبوں کی اضافی ضروریات پوری کرنے کے لیے گندم درآمد کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو اس آپشن پر بھی غور کیا جائے گا تاکہ ملک میں گندم کی دستیابی اور قیمتوں میں استحکام برقرار رکھا جا سکے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاسکو گندم کی ہموار سپلائی کے لیے صوبائی حکومتوں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہا ہے اور قومی سطح پر گندم کی فراہمی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر احد چیمہ نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کی مارکیٹ کو مستحکم رکھنے، عوام کو مناسب نرخوں پر گندم کی فراہمی یقینی بنانے اور کسانوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے باہمی تعاون کے ساتھ کام کر رہی ہیں

**بقیہ 20**

درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمے نے اپنی غلطی تسلیم کر دیا۔ اور وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا بل درست کیا۔ جس سے درخواست گزار کو گیس کے بل پر 1 لاکھ 7 ہزار کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

**بقیہ 21**

طلب کیا جائے گا۔ پی ایم ڈی سی حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پہلے میڈیکل کالجوں میں داخلے کے لیے انٹری ٹیسٹ لیا جاتا تھا، تاہم اب ایم ڈی کیٹ کا نظام رائج ہے۔ گزشتہ برسوں میں امتحانی پرچوں سے متعلق متعدد مسائل سامنے آئے، جن کے حل کے لیے ایک کمیٹی قائم کی گئی اور قومی سطح پر یکساں نصاب (نیشنل یونیفارم سلیبس) تیار کیا گیا، جسے تمام متعلقہ فورمز پر جاری کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ ایم ڈی کیٹ کا امتحان ہر سال ایک ہی روز منعقد کیا جاتا ہے۔ رواں سال امتحان 36 شہروں میں ہوگا، جن میں 35 شہر پاکستان جبکہ ایک مرکز ریاض (سعودی عرب) میں قائم کیا جائے گا، اور ایک لاکھ 35 ہزار طلبہ امتحان میں شریک ہوں گے۔ چیئرپرسن انوشہ رحمان نے کہا کہ گزشتہ سال تقریباً ایک ہزار شکایات موصول ہوئیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال ایم ڈی کیٹ کی تیاری کرانے والی اکیڈمیوں کو غیر معمولی فائدہ پہنچتا ہے، جبکہ طلبہ پر صرف تین ماہ میں امتحان کی تیاری کا غیر ضروری دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کی شکایات ہیں کہ ایف ایس سی کے طلبہ کو اے لیول کا مواد اور اے لیول کے طلبہ کو ایف ایس سی کی کتابیں پڑھنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے، جس سے امتحانی نظام کی شفافیت اور یکسانیت پر سوالات جنم لیتے ہیں۔ کمیٹی نے ایم ڈی کیٹ کے امتحانی نظام، نصاب، طلبہ کو درپیش مشکلات اور مستقبل میں شفاف اور منصفانہ امتحانی نظام کے لیے اصلاحات پر تفصیلی غور کیا۔

**بقیہ 22**

فاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ وہ اپنے بھائی کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے ایرانی وزیر داخلہ اپنے دورے کے دوران اچھی خبریں لے کر آئے ہیں اور ان کے اس دورے سے دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ محسن نقوی نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے حوالے سے بھی مثبت پیش رفت سامنے آئے گی۔ ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کے ہمراہ آنے والے اعلیٰ سطحی وفد میں گورنر جنرل سیستان و بلوچستان، ایران کے نائب وزیر داخلہ، نائب وزیر برائے اربن ڈویلپمنٹ و ٹرانسپورٹ، نیشنل ایرانی آئل کمپنی کے سربراہ، وزیر زراعت کے خصوصی نمائندے سمیت دیگر اعلیٰ حکام شامل ہیں۔ دورہ پاکستان کے دوران ایرانی وزیر داخلہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں پاک ایران تعلقات، سرحدی تعاون، تجارت، سکیورٹی، توانائی، باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ بعدازاں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کے درمیان ملاقات بھی ہوئی۔ اس موقع پر اسکندر مومنی نے کہا کہ اپنے بھائی محسن نقوی سے دوبارہ ملاقات کر کے انہیں بے حد خوشی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات فقید المثال ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتے انتہائی مضبوط ہیں۔ ایرانی وزیر داخلہ نے پاکستانی حکومت اور عوام کی مہمان نوازی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ پاکستان کی محبت، خلوص اور گرمجوش استقبال کے معترف رہے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان کا یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے نئے مواقع پیدا کرنے اور باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ایرانی وزیر داخلہ کا یہ دورہ انتہائی مفید ثابت ہوگا اور اس کے نتیجے میں پاکستان اور ایران کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت ملے گی، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات پہلے سے زیادہ مضبوط ہوں گے

**بقیہ 23**

کے مطابق نوزائیدگان میں 3 بچیاں اور 2 بچے شامل ہیں۔ انتظامیہ نے بتایا کہ والدہ اور بچے صحت مند ہیں۔ اسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ والدہ اور بچوں کو خصوصی نگہداشت کے یونٹ میں رکھا گیا ہے۔

**بقیہ 24**

اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، حساس اداروں کے نمائندگان، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات، بین الاداراتی تعاون، انٹیلی جنس معلومات کے تبادلے اور عوامی مفاد سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ضلع بھر میں امن و امان کے قیام کے لیے باہمی رابطے اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے قومی شاہراہ این-70 پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے، مشترکہ گشت میں اضافہ، چیکنگ کے نظام کو مؤثر بنانے اور مشکوک افراد و سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت جاری کی تاکہ شاہراہ استعمال کرنے والے شہریوں کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور ضلع میں پائیدار امن و استحکام کا قیام تمام متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور حساس ادارے باہمی تعاون، پیشہ ورانہ انداز کار اور بروقت اقدامات کے ذریعے امن و امان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دیتے رہیں گے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں گے۔

**بقیہ 25**

کے لیے میونسپل کمیٹی لورالائی کا عملہ مختلف علاقوں میں نالوں، گلیوں، برساتی گزرگاہوں اور کچرے کے ڈھیروں کی بروقت صفائی یقینی بنا رہا ہے۔ صفائی مہم کے دوران ملا خدر نیکہ قبرستان کے برساتی نالے، لیویز لائن، حریف گلی، کامران صاحب لین، ایس ایس پی دفتر، ٹھنڈا مسجد، ڈاکٹر سعادت ہسپتال، حنظلہ مسجد، امیر زمان محلہ، اے کیو خان سکول، چکی گلی، جان محمد گلی، کباڑی سکول اور پرانے نادرا دفتر کے اطراف نالوں اور گلیوں کی صفائی کی گئی، جبکہ عوامی شکایات موصول ہونے پر بعض مقامات پر دوبارہ صفائی بھی عمل میں لائی گئی۔ صفائی آپریشن میں ٹریکٹر ٹرالی، سوزوکی اور دیگر مشینری استعمال کی گئی۔ اسی سلسلے میں شہر کے مختلف مقامات پر لگائے گئے درختوں کو باقاعدگی سے پانی فراہم کیا گیا تاکہ شجرکاری مہم کو مؤثر بنایا جا سکے، درختوں کی بہتر نشوونما یقینی ہو اور شہریوں کو سرسبز، صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول میسر آئے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ بلوچ نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے، تمام علاقوں میں بلاتعطل صفائی اور نکاسی آب کے نظام کو فعال رکھا جائے اور شہری مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ صفائی برقرار رکھنے میں میونسپل کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں، کچرا مقررہ مقامات پر تلف کریں اور اپنے شہر کو صاف، سرسبز اور خوبصورت بنانے میں بھرپور کردار ادا کریں۔

**بقیہ 26**

کے دفتر میں پیش نہ ہوئیں۔ نورین نیازی کے وکلاء این سی سی آئی اے کے دفتر پہنچے، جہاں انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ وہ اپنی مؤکلہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹس کا جواب جمع کرانے آئے ہیں، تاہم متعلقہ تفتیشی افسر دفتر میں موجود نہیں۔ وکلاء کے مطابق این سی سی آئی اے کے حکام ان سے نورین نیازی کا تحریری جواب بھی وصول نہیں کر رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں بتایا گیا ہے کہ متعلقہ تفتیشی افسر شام چار بجے دفتر آئیں گے، جس کے بعد ہی جواب جمع کرایا جا سکے گا۔ واضح رہے کہ این سی سی آئی اے نے اداروں کے خلاف مبینہ ہرزہ سرائی کے معاملے میں نورین نیازی کو طلبی کا نوٹس جاری کر رکھا ہے، تاہم وہ آج بھی ذاتی طور پر پیش نہیں ہوئیں۔

**بقیہ 27**

طرح سماجی انصاف اور عوامی اعتماد کے بغیر امن قائم نہیں رہ سکتا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ پالیسی سازی اور فیصلہ سازی کے عمل میں نوجوانوں کی شمولیت کو یقینی بنانا اشد ضروری ہے تاکہ ہر نوجوان پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں فعال شراکت دار بنے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ اور صوبائی امیر اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت رحمان سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ روشن مستقبل کی تعمیر کو یقینی بنانے کی خاطر پہلی شرط ہمارے نوجوانوں کے اصل کردار کو پہچاننا ہے۔ ہماری کل آبادی کا سب سے بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے جن کی توانائی اور تخلیقی صلاحیتیں ہماری سب سے بڑی طاقت کی نمائندگی کرتی ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آج حالات کا تقاضا ہے کہ ہم ہر قسم کے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ملکر کام کریں۔ سیاسی رہنماؤں، مذہبی سکالرز اور معاشرے کے باشعور اشخاص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اجتماعی مفادات کو اجاگر کریں، پولیٹیکل ڈائیلاگ کی حوصلہ افزائی کریں، سماجی ہم آہنگی کو مضبوط کریں اور قوم کی ترقی میں عملی تعمیری کردار ادا کریں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم مشترکہ کوششوں کے ذریعے ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کی تعمیر کر سکتے ہیں

**بقیہ 28**

ی کو منگوچر کے علاقے میں نامعلوم افراد نے رکنے کا اشارہ دیا گاڑی ابھی تک رکی نہیں تھی کہ فائرنگ کر دی گئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار دو خواتین موقع پر ہلاک جبکہ بچے سمیت دو افراد زخمی ہو گئے واقع کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی منگوچر پولیس کر رہی ہے۔

**بقیہ 29**

کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ سے شینڈونگ ہائی اسپیڈ گروپ کے چیئرمین شو ژیانگ کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی چینی وفد نے ملاقات کی، جس میں پاکستان میں جاری اور مستقبل کے سرمایہ کاری منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران چینی وفد نے پاکستان میں اپنی جاری سرمایہ کاری سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گروپ او جی ڈی سی ایل کے اشتراک سے حیدرآباد میں تیل و گیس کے منصوبے پر کام کر رہا ہے، جبکہ مستقبل میں ٹرانسپورٹ، لاجسٹکس اور علاقائی کنیکٹیویٹی کے مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کا خواہاں ہے۔ وفاقی وزیر سرمایہ کاری نے پاکستان کے بہتر ہوتے کاروباری ماحول، نوجوان اور باصلاحیت افرادی قوت، اقتصادی اصلاحات اور انفراسٹرکچر کے شعبے میں دستیاب سرمایہ کاری مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ ایس آئی ایف سی اور بورڈ آف انویسٹمنٹ سرمایہ کاروں کو مکمل ادارہ جاتی معاونت اور ون ونڈو سہولت فراہم کریں گے تاکہ سرمایہ کاری کے منصوبوں پر تیز رفتاری سے عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ ایس آئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری پاکستان میں انفراسٹرکچر، سرمایہ کاری، صنعتی تعاون اور پاکستان۔ چین اقتصادی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، جس سے ملک میں اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع اور پائیدار سرمایہ کاری کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔

**بقیہ 30**

حکومت کی اولین ترجیح ہے اور حکومت ٹیرف پالیسی میں جامع اصلاحات نافذ کرنے کے لیے بھرپور انداز میں کام کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مختلف شعبوں کی ضروریات کے مطابق سیکٹر بیسڈ پالیسی اصلاحات بھی متعارف کرائی جا رہی ہیں تاکہ معیشت کو مزید مستحکم اور مسابقتی بنایا جا سکے۔ احد چیمہ نے کہا کہ ادارہ جاتی اصلاحات اور مختلف پالیسیوں کے مؤثر نفاذ میں ایف سی ڈی او کا تعاون قابل قدر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی موجودہ پرائسنگ فارمولے سے ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے اور مارکیٹ میں شفافیت بہتر بنانے میں مدد ملی ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر کی اصلاحات اور مالیاتی منصوبوں کی کارکردگی کا خود ہفتہ وار جائزہ لیتے ہیں تاکہ حکومتی اہداف بروقت حاصل کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بہتر منصوبہ بندی اور وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے ترقیاتی منصوبے تیزی سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر ایف سی ڈی او کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سام والڈاک نے حکومت پاکستان کی ٹیرف پالیسی میں اصلاحات، مختلف شعبوں کے لیے سیکٹر بیسڈ پالیسیوں، اور پاور و پیٹرولیم سیکٹر میں جاری اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات معیشت کی بہتری اور پائیدار ترقی کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔

**بقیہ 31**

ر قومی ترقی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے سخت محنت کریں، نظم و ضبط اور مسلسل سیکھنے کے عمل سے اپنی خواہشات کو حقیقت کا روپ دیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے ڈاکٹر جی ایم چنیور انسٹیٹیوٹ کی علاقے کے باصلاحیت نوجوانوں کی تعلیم اور تربیت میں گرانقدر خدمات کو بھی سراہا۔ انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ فکری طور پر متجسس رہیں، جدت کو اپنائیں اور معاشرے و قوم کے لیے بامعنی کردار ادا کرنے والے ذمہ دار شہری بنیں۔ چیف جسٹس نے امید ظاہر کی کہ عزم اور محنت کے ذریعے یہ طلبہ اپنے شعبوں میں مستقبل کے قائد بن کر ابھریں گے اور پاکستان کی خدمت امتیاز کے ساتھ کریں گے

**بقیہ 32**

کمشنر جیوانی طارق امام بلوچ نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جیوانی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران آر ایچ سی جیوانی کے انچارج ڈاکٹر ادریس بلوچ نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، دستیاب طبی سہولیات، عملے کی حاضری، ادویات کی فراہمی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور ادارے کو درپیش مسائل سے متعلق اسسٹنٹ کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مسائل کے حل کے لیے درکار اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا، جن میں او پی ڈی، ایمرجنسی، مردانہ و خواتین وارڈز، لیبارٹری، ایم این سی ایچ سینٹر، نیوٹریشن سینٹر، فارمیسی، ریکارڈ روم اور دیگر طبی سہولیات شامل تھیں۔

### بقیہ 01

تحکام پر بھی منفی اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں شدید بارشوں کے باعث دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جبکہ اطلاعات کے مطابق سلال ڈیم سے بڑی مقدار میں پانی چھوڑا گیا ہے، جس کے باعث پاکستان کے بالائی علاقوں خصوصاً ہیڈ مرالہ کے اطراف سیلابی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ ایسے حالات میں بروقت معلومات کی فراہمی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہوتی ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ انڈس واٹر ٹریٹی صرف پانی کی تقسیم کا معاہدہ نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد، شفافیت اور بروقت معلومات کے تبادلے کا بھی ایک اہم فریم ورک ہے۔ اگر اس کے تقاضوں کو نظرانداز کیا جائے تو یہ بین الاقوامی ذمہ داریوں سے انحراف کے مترادف ہوگا۔ انہوں نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ اس معاملے کو فوری طور پر انڈس واٹر کمیشن کے سامنے اٹھایا جائے، بھارت سے باضابطہ وضاحت اور احتجاج ریکارڈ کرایا جائے، اور ضرورت پڑنے پر معاہدے کے تحت دستیاب قانونی، سفارتی اور بین الاقوامی فورمز سے رجوع کیا جائے تاکہ پاکستان کے آبی حقوق کا ہر سطح پر دفاع کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ پاکستان آبی سلامتی کو قومی سلامتی کا بنیادی ستون قرار دے۔ جدید فلڈ وارننگ سسٹم، ریئل ٹائم دریا مانیٹرنگ، آبی ذخائر میں اضافہ، نئے ڈیموں کی تعمیر، حفاظتی پشتوں کی مضبوطی اور جدید ہائیڈرولوجیکل ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری قومی ترجیح ہونی چاہیے تاکہ مستقبل میں کسی بھی غیر ذمہ دارانہ اقدام کے اثرات کو کم سے کم کیا جا سکے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ پاکستان امن، بین الاقوامی قانون اور معاہدوں کی پاسداری پر یقین رکھتا ہے، لیکن اپنے قومی مفادات، آبی حقوق اور عوام کے تحفظ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ عالمی برادری کو بھی اس امر کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے کہ بین الاقوامی معاہدوں پر مکمل اور دیانتدارانہ عمل درآمد ہو، کیونکہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار بھی ذمہ دارانہ آبی تعاون پر ہے

### بقیہ 02

پنجاب صوبے سے آٹا اور گندم جو وہاں کا پیداوار ہے انہوں نے ایک تعصب کے بنا پر آٹا اور گندم پر پابندی لگا رکھی ہے کہ یہ گندم کسی صورت بھی بلوچستان نہیں جا سکتی چونکہ پانی اور بجلی صوبہ خیبر پختونخوا سے ہے جو پورے پاکستان کو ترسیل ہو رہا ہے ہمارے صوبے میں گیس ہے جو پورے پاکستان کو ترسیل ہو رہا ہے لیکن افسوس اس امر پر کیا جاتا ہے کہ پنجاب جو بڑا بھائی ہونے کے ناطے اس طرح کی تنگ نظری یک طرفہ فیصلے اور تعصب پر مبنی فیصلے کرتے ہیں اور بھائی چارے کی فضا کو مکمل طور پر خراب کیا گیا ہے یہ نہیں کہ ہم ان سے آٹا اور گندم مفت مانگتے ہیں ہم پورا قیمت ادا کرتے ہیں باوجود اس کے کہ بلوچستان چھوٹا بھائی ہے اور پنجاب ہمارا بڑا بھائی ہے اور وہ دعویٰ بھی کرتا ہے لیکن اب ہم عق، پنجاب کے یہ بڑے بھائی کا ہونے کا دعویٰ بالکل جھوٹ پر مبنی ہے ہم وفاقی حکومت سے اور وفاقی وزیر خوراک سے التماس کرتے ہیں اپیل کرتے ہیں کہ اگر اس کو اس بات کی خبر نہیں تو وہ اپنے آپ کو باخبر رکھے اور اگر اس کو اس بات کی خبر ہے تو وہ پوری طور پر بلوچستان کو گندم اور آٹا فراہم کرے ورنہ پھر ہم بھی یہ حق محفوظ رکھتے ہیں کہ صوبہ خیبر پختونخوا سے پانی و بجلی اور صوبہ بلوچستان کی گیس پر بھی پنجاب کا کوئی حق نہیں ہے۔

### بقیہ 03

کا واضح ثبوت ہے۔ جب ریاست اپنی بنیادی آئینی ذمہ داری، یعنی شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، کو پورا کرنے میں ناکام ہو جائے تو عوام میں عدم تحفظ، بے چینی، اضطراب اور ریاستی اداروں پر اعتماد کا متزلزل ہونا ایک فطری امر بن جاتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ 17 جولائی، بروز جمعہ، خضدار کے قریب پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں ضلع مسلم باغ کے ایک ہی خاندان کے تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ غمزدہ لواحقین اپنے پیاروں کے جنازے لے کر کوئٹہ واپس آ رہے تھے کہ منگوچر کے مقام پر مسلح ڈاکوؤں اور جتھوں نے ان کی گاڑیوں کو روک کر انتہائی انسانیت سوز اور قابل مذمت کارروائی کی۔ جنازوں کے تقدس، اسلامی اقدار، قبائلی روایات اور انسانی احساسات کو پامال کرتے ہوئے سوگوار خاندان سے نقدی، موبائل فون، شناختی کارڈ اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا گیا۔ حتیٰ کہ جاں بحق افراد کے قومی شناختی کارڈ بھی نہ چھوڑے گئے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس سے زیادہ افسوسناک اور شرمناک واقعہ شاید ہی کوئی ہو کہ سوگ میں ڈوبے ہوئے خاندان کو بھی جرائم پیشہ عناصر نے نہ بخشا۔ یہ افسوسناک سانحہ اس حقیقت کا کھلا ثبوت ہے کہ شاہراہیں مکمل طور پر جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں اور بے گناہ شہری کسی بھی قسم کے مؤثر تحفظ سے محروم ہو چکے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اس سے بھی زیادہ تشویشناک اور افسوسناک امر یہ ہے کہ جائے وقوعہ سے محض ایک فرلانگ کے فاصلے پر فرنٹیئر کور (ایف سی) کا قلعہ موجود تھا۔ متاثرہ خاندان نے فوری طور پر ایف سی اہلکاروں کو اطلاع دی کہ مسلح ڈاکو ابھی قریبی علاقے میں موجود ہیں، مگر اس کے باوجود نہ ان کا تعاقب کیا گیا، نہ علاقے کی ناکہ بندی کی گئی، نہ متاثرہ خاندان کی فوری مدد کی گئی اور نہ ہی ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے کوئی مؤثر عملی اقدام اٹھایا گیا۔ بیان کے مطابق، اس کے برعکس متاثرین کو صرف یہ کہہ کر واپس بھیج دیا گیا کہ "آپ لوگ بخیریت یہاں تک پہنچ گئے، یہی بڑی بات ہے۔" "پارٹی کے مطابق یہ رویہ نہ صرف انتہائی افسوسناک، غیر ذمہ دارانہ اور ناقابل قبول ہے بلکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کی آئینی ذمہ داری سے مکمل دستبرداری کے مترادف بھی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا کہ اگر سیکیورٹی ادارے جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی اور کھلی سرگرمیوں کے باوجود خاموش تماشائی بنے رہیں، قومی شاہراہوں پر ڈاکو دندناتے پھریں اور شہریوں کو دن دیہاڑے لوٹا جاتا رہے، تو عوام کے ذہنوں میں ریاستی اداروں کی کارکردگی کے حوالے سے سنگین سوالات جنم لینا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال میں حکومت اور متعلقہ اداروں پر لازم ہے کہ وہ عوام کے اعتماد کی بحالی کے لیے فوری، سنجیدہ اور مؤثر اقدامات کریں، کیونکہ صرف دعوؤں، بیانات اور پریس کانفرنسوں سے امن و امان قائم نہیں کیا جا سکتا۔ بیان میں کہا گیا کہ صوبے میں بدامنی، دہشت گردی، اغوا برائے تاوان، قومی شاہراہوں پر مسلح ڈکیتیاں، بھتہ خوری اور جرائم پیشہ گروہوں کی سرگرمیاں روز بروز بڑھتی جا رہی ہیں، مگر حکومت کی ناقص حکمت عملی، کمزور انتظامی اقدامات اور متعلقہ اداروں کی ناکامی کے باعث عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ جب سوگوار خاندان اپنے پیاروں کے جنازوں سمیت بھی محفوظ نہ ہوں تو امن و امان کے حوالے سے حکومتی دعوے اپنی تمام تر حیثیت کھو دیتے ہیں اور عوام کے اندر مایوسی اور بے اعتمادی مزید گہری ہو جاتی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے مطالبہ کیا کہ منگوچر کے اس افسوسناک واقعے کی ایک بااختیار، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقاتی کمیٹی کے ذریعے مکمل تحقیقات کرائی جائیں، ملوث ڈاکوؤں، ان کے سہولت کاروں اور سرپرستوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ ساتھ ہی یہ بھی تحقیقات کی جائیں کہ جائے وقوعہ کے قریب موجود ایف سی اہلکاروں نے بروقت کارروائی کیوں نہیں کی، متاثرین کی مدد کیوں نہیں کی گئی اور ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے فوری اقدامات کیوں نہیں اٹھائے گئے۔ اگر کسی بھی قسم کی غفلت، کوتاہی یا ذمہ داری سے چشم پوشی ثابت ہو تو متعلقہ اہلکاروں کے خلاف بھی قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ بیان کے آخر میں کہا گیا کہ سانحہ زیارت کے شہدا کے لواحقین اور آل پارٹیز کی جانب سے امن و امان کی موجودہ صورتحال، ریاستی پالیسیوں اور متعلقہ اداروں کے کردار کے حوالے سے جن خدشات، تحفظات اور مطالبات کا اظہار کیا گیا تھا، ایسے پے در پے افسوسناک واقعات نے ان خدشات کو مزید تقویت دی ہے۔ پارٹی نے واضح کیا کہ حکومت اب نمائشی بیانات، دعوؤں اور وقتی اعلانات سے آگے بڑھے، قومی شاہراہوں پر ریاست کی عملداری ہر صورت بحال کرے، دہشت گردوں، ڈاکوؤں، جرائم پیشہ عناصر اور مسلح گروہوں کا بلا امتیاز خاتمہ یقینی بنائے اور شہریوں کے جان و مال، عزت و آبرو اور آزادانہ نقل و حرکت کے آئینی حق کا مکمل تحفظ فراہم کرے۔ بصورت دیگر صوبے میں امن و امان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال، عوام کے جان و مال کے ضیاع اور ریاستی عملداری کے فقدان کی تمام تر سیاسی، انتظامی اور آئینی ذمہ داری حکومت اور متعلقہ ریاستی اداروں پر عائد ہوگی۔

### بقیہ 04

چالان جاری کیے گئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ انہوں نے ٹریکٹر مالکان اور ڈرائیوروں کو ہدایت کی کہ وہ ڈرائیونگ لائسنس، ریفلیکٹر لائٹس اور دیگر ضروری حفاظتی تقاضے پورے کریں تاکہ حادثات کی روک تھام اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

### بقیہ 05

اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ علاوہ ازیں ملاقات میں ملکی علاقائی مسائل، جماعتی معاملات، بلوچستان کے مجموعی سیاسی صورتحال، خضدار و زہری کے حالات، اور مختلف موضوعات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں جے یو آئی خضدار کے رہنما ڈاکٹر عبدالرشید نقشوانی، ممتاز تاجر حاجی عبدالحق بزنجو ممبر میونسپل کارپوریشن خضدار صاحبزادہ طلحہ قمر، حافظ جمیل احمد ابرار و دیگر بھی شامل تھے۔

### بقیہ 06

کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ ایس پی اوستہ محمد نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد کو مضبوط بنانا، کمیونٹی کی شمولیت کو فروغ دینا، عوامی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنانا اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے شہریوں کو یقین دلایا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

### بقیہ 07

دوران ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عابد علی رند نے اپنے محکمے کی کارکردگی پر جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع میں سوشل ویلفیئر کے تحت مختلف فلاحی منصوبے جاری ہیں۔ انہوں نے محکمے میں تعینات افسران و عملے کی تعداد، عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے گئے اقدامات، اور بالخصوص غریب و نادار افراد کے علاج و معالجے کے لیے انڈومنٹ فنڈز کے مؤثر استعمال کے حوالے سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے محکمے کو درپیش مسائل اور چیلنجز پر بھی روشنی ڈالی دریں اثناء ایکسین واپڈا اور یام تھوسے نے بجلی کی فراہمی سے متعلق امور پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بجلی کے بلوں کی عدم ادائیگی، مختلف سرکاری محکموں پر بقایاجات، اور لوڈشیڈنگ کے اوقات جیسے مسائل درپیش ہیں۔ اجلاس میں ان مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز اور اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر ورہندر لعل نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام افسران عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور احسن طریقے سے ادا کریں انہوں نے ہدایت کی کہ کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی نہ ہونے دی جائے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے انہوں نے سوشل ویلفیئر محکمے کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ انڈومنٹ فنڈز کو شفاف انداز میں استعمال کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ مستحق افراد کو علاج و معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ حقیقی معنوں میں عوام کو ریلیف مل سکے مزید برآں ڈپٹی کمشنر نے ایکسین واپڈا کو ہدایت کی کہ علاقے کی ضروریات، شدید گرمی کے موسم اور خاص طور پر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے منصوبوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، تاکہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے آخر میں ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے افسران پر زور دیا کہ وہ اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل اور صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور عوامی خدمت کو اپنا اولین مقصد بنائیں۔

### بقیہ 08

اور ہنگامی حالات میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے ٹیبلو پیش کیا گیا، جبکہ بیسک لائف سپورٹ (BLS) کے متعلق عملی آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ نرسنگ کالج کو درپیش مسائل اور تدریسی عمل کے حوالے سے پرنسپل فوزیہ یاسمین اور لیکچرار جمعہ خان رند نے تفصیلی بریفنگ دی سیمینار سے اپنے خطاب میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورہندر لعل نے کہا کہ ہنگامی حالات اور روزمرہ مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی میں نرسنگ اسٹاف کی خدمات کو ہرگز نظرانداز نہیں کیا جا سکتا ایمرجنسی کے دوران جب مریض زندگی اور موت کی کشمکش میں ہوتا ہے تو ڈاکٹر کے ساتھ نرسنگ اسٹاف انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے سفید لباس میں ملبوس نرسیں مریضوں کے لیے سکون، امید اور بہترین نگہداشت کی علامت ہیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ آج کے اس عملی سیمینار کے دور رس اور مثبت نتائج برآمد ہوں گے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اور پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد ڈویژن کے صدر میر بلال صادق عمرانی نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی مفاد میں عملی اقدامات کر رہی ہے نصیرآباد میں قائم نرسنگ کالج نہ صرف مقامی بچیوں کے لیے ایک بہترین تعلیمی ادارہ ہے بلکہ مستقبل میں یہاں سے تربیت یافتہ نرسیں خدمت خلق کے جذبے کے ساتھ صحت کے شعبے میں اہم کردار ادا کریں گی انہوں نے کہا کہ سیمینار کے دوران کالج کی عمارت اور ہاسٹل کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا گیا ہے، ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے فنڈز سے عمارت اور ہاسٹل سمیت بنیادی مسائل حل کیے جائیں تاکہ مقامی سطح پر نرسنگ طالبات اور اسٹاف کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے سیمینار سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی نے بھی خطاب کیا۔

### بقیہ 09

ایک کامیاب کارروائی کے دوران مقدمہ نمبر 2026/05 بجرم 379، 337-H(2)، 39/3-A میں مطلوب مفرور اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق، تھانہ ناہڑکوٹ کے ایس آئی/ایس ایچ او نیاز احمد عیشانی نے ہیڈ محرر حبیب خان اور دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے سعید احمد ولد نور محمد، قوم ناٹڈھا کو قانون کے مطابق گرفتار کیا۔ گرفتار ملزم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ بارکھان منتقل کر دیا گیا ہے۔ بارکھان پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر اور اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی تاکہ ضلع میں امن و امان کی صورتحال کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

### بقیہ 10

ل مزید تیز کرتے ہوئے زہریلی سبزیوں، ملاوٹ زدہ دودھ دہی، ناقص خوراک اور زائدالمعیاد اشیاء کے خلاف مؤثر آپریشنز کیے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق سب سے بڑی کارروائی میں ارباب کرم خان روڈ کوئٹہ کے مختلف مقامات پر سیوریج کے پانی سے سیراب تقریباً 48 ایکڑ پر مشتمل سلاد، پالک، پودینہ اور دیگر ہری پتوں والی سبزیوں کی فصلیں موقع پر تلف کر دی گئیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے آلودہ سبزیوں کی مارکیٹ تک رسائی روکنے کے ساتھ ساتھ سیوریج کے پانی کی فراہمی کے تمام راستے بھی بند کر دیے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق شہریوں کو مضر صحت سبزیاں کسی صورت فروخت نہیں ہونے دی جائیں گی اور اس حوالے سے مرحلہ وار کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں بوستان میں عوامی شکایت پر دہی تیار کرنے والے 25 یونٹس کا خصوصی معائنہ کیا گیا۔ دودھ، دہی اور لسی کے نمونوں کے لیبارٹری ٹیسٹ تسلی بخش آئے تاہم صفائی کے ناقص انتظامات اور دستاویزی بے ضابطگیوں پر 4 یونٹس کو جرمانے جبکہ 3 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اسی طرح کوئٹہ میں ایئرپورٹ روڈ، علمدار روڈ اور مشن روڈ پر کارروائیوں کے دوران کیٹرنگ یونٹ، میٹ شاپ، بیکنگ یونٹس، جنرل اسٹورز اور متعدد دیگر مراکز مالکان کو صفائی کے ناقص انتظامات، فوڈ بزنس لائسنس نہ ہونے، خراب گوشت، ایکسپائرڈ اشیاء، غیر معیاری ذخیرہ، کھلے کوکنگ آئل اور دیگر خلاف ورزیوں پر جرمانہ کیا گیا۔ مزید برآں ملک سیفٹی ٹیم نے الماس چوک اور ایئرپورٹ روڈ پر دودھ فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دودھ میں پانی اور اسکمڈ ملک پاؤڈر کی ملاوٹ ثابت ہونے پر 3 دودھ فروشوں کو جرمانہ جبکہ 4 ملک شاپس کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ ترجمان کے مطابق دیگر اضلاع میں بھی انسپکشن کا سلسلہ جاری رہا جہاں پنجگور میں زائدالمعیاد اور ممنوعہ اشیاء فروخت کرنے پر جنرل اسٹورز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں اشیاء ضبط کر کے تلف کی گئیں۔ خضدار میں جنرل اسٹورز، نان شاپس اور فاسٹ فوڈ پوائنٹس سمیت متعدد مراکز کو ناقص صفائی، مضر صحت کوکنگ آئل، ایکسپائرڈ مصنوعات اور ممنوعہ اشیاء رکھنے پر جرمانے جبکہ متعدد کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ اسی طرح ڈیرہ مراد جمالی میں کریانہ اسٹورز سے ایکسپائرڈ اشیاء اور نان فوڈ گریڈ کلرز برآمد ہونے پر کارروائی کی گئی، جبکہ اوتھل میں جنرل اسٹورز، ریسٹورنٹ اور آر او پلانٹ کے خلاف ناقص صفائی، زائدالمعیاد مصنوعات اور ممنوعہ اشیاء رکھنے پر جرمانے عائد کیے گئے اور صفائی کے ناقص انتظامات پر ایک آر او پلانٹ بند کر دیا گیا۔

### بقیہ 11

رفیق مستوئی، بی ٹی ڈی انچارج عبدالمجید، اسپیشل برانچ کے محمد شاکر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعمیراتی سرگرمیوں کی سیکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اور ڈسٹرکٹ زیارت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا شرکاء نے منصوبوں کی حفاظت، تعمیراتی عمل کی بلاتعطل تکمیل اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کے حوالے سے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر ضلع زیارت کی مجموعی امن و امان کی صورتحال کا بھی ازسرنو جائزہ لیا گیا۔

### بقیہ 12

کے مطابق تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد 2 لاکھ 85 ہزار 700 کیوسک جبکہ اخراج 2 لاکھ 10 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 80 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 10 ہزار کیوسک رہا، جبکہ چشمہ بیراج میں دریائے سندھ میں پانی کی آمد 2 لاکھ 63 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 25 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ہیڈ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کی آمد ایک لاکھ 2 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 80 ہزار 100 کیوسک رہا، جبکہ نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل میں پانی کی آمد اور اخراج دونوں 39 ہزار 100 کیوسک ریکارڈ کیے گئے۔ آبی ذخائر کی صورتحال کے حوالے سے ترجمان نے بتایا کہ تربیلا ریزروائر میں پانی کی سطح 1509.11 فٹ اور ذخیرہ 33 لاکھ 95 ہزار ایکڑ فٹ ہے، جبکہ منگلا ریزروائر میں پانی کی سطح 1178.60 فٹ اور قابل استعمال ذخیرہ 30 لاکھ 11 ہزار ایکڑ فٹ ریکارڈ کیا گیا۔ چشمہ ریزروائر میں پانی کی سطح 644.30 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ ایک لاکھ 21 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ اس طرح تربیلا، منگلا اور چشمہ ریزروائرز میں مجموعی قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 65 لاکھ 27 ہزار ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا ہے۔ واپڈا کے ترجمان نے مزید بتایا کہ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد و اخراج کے اعداد و شمار گزشتہ 24 گھنٹوں کے اوسط بہاؤ پر مبنی ہیں، جبکہ ہیڈ مرالہ سمیت دیگر مقامات کے اعداد و شمار گزشتہ صبح 6 بجے کی صورتحال کے مطابق مرتب کیے گئے ہیں۔

### بقیہ 13

وضوابط سے انحراف کر کے زبردستی دھونس دھمکیوں اور الزام تراشی ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی اجازت ہے شرپسند عناصر کے بلیک میلنگ میں نہیں آئیں گے۔ اے ڈی لوکل گورنمنٹ کیچ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کیچ قاضی سکندر حیات نے ڈھاڈر کے صحافیوں کو اپنے ایک جاری کردہ بیان میں موقف اپناتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز ضلع کیچ کے مختلف علاقوں کے لیے ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرز اوپننگ کے دوران وہ اپنے دفتر میں موجود تھے اور میرے دفتر سے جانے کے بعد ایک گروہ کی جانب سے چند ٹھیکیدار اور اسی گروہ کے غنڈہ عناصر کے ہمراہ زبردستی ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرز کے عمل کو سبوتاژ کرنے کی خاطر دفتر میں گھس آئے شور شرابہ کیا اسٹاف اور وہاں موجود سائلین کو دھمکیاں دیں اور ہراساں کیا اسٹاف کلریکل و دیگر ٹیکنیکل ٹیم کو کئی گھنٹے تک یرغمال رکھا جبکہ مذکورہ ٹھیکیدار کا مقصد مقررہ وقت کے بعد جان بوجھ کر نامکمل ریکارڈز کے ساتھ ٹینڈر رجوع کرنے کے باوجود بے جا پرامن ماحول کو کشیدہ ظاہر کر کے خوف و ہراس پھیلانے کے سوا کچھ نہیں اور اسی طرح وہ مختلف میڈیا پلیٹ فارمز پر بھی غلط بے بنیاد اور منفی پروپیگنڈہ کر کے سرکاری امور اور محکماتی قواعد ضوابط کے برخلاف جھوٹی خبروں کا سہارا لے کر خود کے ناانصافی کا رونا رو رہے ہیں جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلع میں ایسے عناصر کی اشتعال انگیز حرکتوں کے خدشات کے پیش نظر ٹینڈرز کی تاریخ سے قبل اس کے پرامن انعقاد کے لیے ضلعی انتظامیہ کو حفاظتی انتظامات کے تحت مراسلہ بھی ارسال کیا گیا تھا لیکن پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے مناسب سیکورٹی فراہم نہ ہونے کی وجہ سے سرکاری دفتر میں ناخوشگوار واقع پیش آیا انہوں نے واضح کیا کہ ہماری طرف سے ٹینڈرز کے عمل کو شفاف اور بلاتفریق بیپرا رولز کے تحت تمام ٹھیکیداروں کو مکمل معاونت اور موقع فراہم کیا گیا مگر کچھ ناعاقبت اندیش عناصر بلیک میلنگ کے ذریعے حکومتی ترقیاتی منصوبوں پر ہاتھ صاف کرنے اور سرکاری کام کے طریقہ کار میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں تاکہ ان معاملات کو متنازع ظاہر کر کے علاقے کے عوام کو ترقی اور خوشحالی سے محروم کیا جائے لیکن اس کے برعکس محکمہ لوکل گورنمنٹ کیچ کسی کی خواہش اور دباؤ کے بغیر بیپرا قوانین کے تحت قواعد وضوابط لاگو کرنے کا مجاز ہے اے ڈی لوکل گورنمنٹ قاضی سکندر حیات نے کہا کہ بحیثیت آفیسر اور بطور یہاں کے مقامی باشندے کے ایسے عناصر کی جانب سے ان کی ذات کے خلاف مسلسل مہم جوئی دھونس دھمکیوں کو اپنی جان کے لیے خطرہ لاحق ہونے کے کا اظہار بھی کیا انہوں نے کہا کہ سرکار میں بار بار مداخلت کا قانونی پہلوؤں سے جائزہ لیا جائے گا۔

### بقیہ 14

دوچار کر رکھا ہے۔ کوئٹہ کے علاقوں ہزارگنجی، شالکوٹ، فروٹ و سبزی منڈی، ٹرک اڈہ اور دیگر ملحقہ علاقوں میں چوری، ڈکیتی اور اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کی بڑھتی ہوئی وارداتوں سے شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ مزدور، تاجر، دکاندار اور عام شہری دن دیہاڑے مسلح افراد کے ہاتھوں لوٹے جا رہے ہیں۔ گن پوائنٹ پر گاڑیاں، موٹر سائیکلیں، موبائل فون اور لاکھوں و ہزاروں روپے نقد چھینے کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے عوام میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ جبکہ دوسری جانب ہزارگنجی، اختر آباد تک مین شاہراہ پر پولیس کی جانب سے سوزکیوں، پک اپ گاڑیوں سے مزدوروں کو اتارا جاتا ہے، تلاشی کرنے، 500 سے 1500 تک ہر مزدور سے بھتہ ارشوت لی جاتی ہے نہ دینے پر تنگ کیا جاتا ہے، پولیس سیکورٹی کی بجائے ناکے لگا کر عوام کو لوٹنے میں مصروف ہیں۔ اسی طرح محمود آباد کے حاجی عبدالرحمن آغا کی رہائش پر درجن سے زائد مسلح افراد ڈکیتوں نے گھر میں گھس کر اہلخانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے نقدی، زیورات، موبائل فونز، قیمتی گھڑیاں وغیرہ لے اڑے۔ پولیس کی جانب سے اب تک ملزمان کا کوئی سراغ نہیں لگایا جا سکا اور نہ ہی متاثرین کی تسلی کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ متعلقہ علاقوں میں پولیس گشت نہ ہونے کے برابر ہے، جس کے باعث جرائم پیشہ عناصر کھلے عام وارداتیں کر رہے ہیں۔ بعض پولیس تھانوں میں متاثرین کو ایف آئی آر کے اندراج میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور انہیں ایف آئی آر درج کرانے کے بجائے صرف اطلاعی رپورٹ تک محدود رکھنے پر زور دیا جاتا ہے کہ یہ محکمہ پولیس کی بدنامی کا سبب بنے گی بعض پولیس آفیسران اپنے متعلقہ پولیس تھانوں کو جانے سے بھی کتراتے ہیں اور سیکورٹی خدشات وجوہات میں پیش کرتے ہیں جبکہ پولیس آفیسران اس مشکل سے دوچار ہیں پھر تو عوام سے کسی کو کوئی سروکار ہی نہیں ہوگا۔ بیان میں انسپکٹر جنرل (آئی جی) پولیس بلوچستان سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شہر میں نصب تمام کیمروں کے باوجود چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی روک تھام نہ ہونے، پولیس کی کارکردگی کمزور ہونے، غفلت کے مرتکب ہونے والے آفیسران و اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور متاثرہ علاقوں میں پولیس گشت بڑھا کر ایف آئی آر کے اندراج کو یقینی بنائے اور جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائیں۔ اور ہزارگنجی اختر آباد میں پولیس ناکوں پر جاری رشوت خوری کا سدباب کریں۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ شہریوں کو ایک محفوظ ماحول فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ تاجر، مزدور، دکاندار اور عام شہری بلاخوف و خطر اپنی روزمرہ سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

### بقیہ 15

پہنچایا، ان کی جانب سے آج تک اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے کوئی مؤثر پیش رفت سامنے نہیں آ سکی۔ ایک سال کا طویل عرصہ گزر جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ کرخ کے عوام آج بھی اپنی بنیادی ضروریات کے لیے انتظار کی اذیت سہنے پر مجبور ہیں مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ الیکشن کے دنوں میں یہی رہنما عوام کے دروازوں پر دستک دیتے، خدمت کے وعدے کرتے اور ترقی کے خواب دکھاتے تھے، مگر کامیابی کے بعد کرخ کی بجلی، عوام کی مشکلات اور ان کے وعدے سب کچھ پس منظر میں چلا گیا لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر عوامی نمائندے ایک بنیادی مسئلہ بھی حل نہیں کرا سکتے تو پھر عوام یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ ان کے ووٹ کا عملی فائدہ آخر کیا نکلا۔ شہریوں کے مطابق شدید گرمی میں بیمار، بزرگ، خواتین، بچے، طلبہ، دکاندار اور عام مزدور سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ کاروبار تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، طلبہ کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے اور روزمرہ زندگی شدید مشکلات کا شکار ہے، لیکن اس کے باوجود متعلقہ اداروں اور منتخب نمائندوں کی خاموشی عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف محسوس ہو رہی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بجلی کے تار چوری ہونے کے بعد چوروں کی گرفتاری کے دعوے تو کیے گئے، مگر کرخ کے گھروں میں آج تک روشنی واپس نہ آ سکی۔ شہری سوال اٹھا رہے ہیں کہ اگر مجرم پکڑے جا سکتے ہیں تو بجلی بحال کیوں نہیں ہو سکتی؟ آخر اس تاخیر کی ذمہ داری کون قبول کرے گا۔ کرخ کے عوام نے حکومت بلوچستان، واپڈا، ضلعی انتظامیہ اور تمام منتخب عوامی نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ اس مسئلے کو مزید نظرانداز نہ کیا جائے۔ عوام کا کہنا ہے کہ انہیں اب وعدوں، نعروں اور تصویروں کی نہیں بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ کرخ کے ہزاروں شہری ایک سال سے جس اذیت کا سامنا کر رہے ہیں، اس کا فوری ازالہ کیا جائے اور بجلی کی بحالی کو ہنگامی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کا جمہوری عمل پر اعتماد بحال ہو سکے۔

### بقیہ 16

بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اجلاس کے دوران ان اسکولوں کا تفصیلی ڈیٹا بھی پیش کیا گیا جہاں اساتذہ کی کمی درپیش ہے۔ آر ٹی ایس ایم نے ضلع بھر کے اسکولوں کی مانیٹرنگ رپورٹ پیش کرتے ہوئے آگاہ کیا کہ مسلسل غیر حاضر رہنے والے 35 اساتذہ کے خلاف انکوائری شروع کر دی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ تمام سرکاری اسکولوں میں تدریسی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے، اساتذہ کی حاضری یقینی بنائی جائے اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

### بقیہ 17

لیس کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں ضلعی پولیس لسبیلہ کا کہنا ہے کہ تمام مالکان رہائشی و کمرشل مکانات دکانوں کے مالکان اور زمینداروں کو اپنے کرایہ داروں ہاریوں کے کوائف فوری طور پر پولیس اسٹیشن اوتھل میں آن لائن درج کروائیں بصورت دیگر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے جاری کیے گئے اعلامیہ میں پرنٹ الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے عوام کو آگاہ کیا گیا ہے اور نوٹسز جاری کیے گئے ہیں مالکان اور زمیندار اپنے کرایہ داروں اور زرعی زمینوں پر کام کرنے والے ہاریوں کا اندراج کروائیں پولیس اسٹیشن اوتھل میں کرایہ داروں اور ہاریوں کے کوائف کے آن لائن اندراج کا عمل چوبیس گھنٹے جاری رہتا ہے، لہٰذا شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی قانونی ذمہ داری پوری کریں کرایہ داری ایکٹ پر عملدرآمد عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

### بقیہ 18

بہتری، ادویات کی دستیابی، ایمبولینس سروس کی فراہمی، فائر بریگیڈ کے قیام، تعلیمی نظام کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر و بحالی، پینے کے صاف پانی کی منصفانہ تقسیم، امن و امان کی صورتحال سمیت دیگر بنیادی عوامی مسائل شامل تھے کھلی کچہری میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر خضدار عابد حسین بلوچ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر خضدار ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی ڈسٹرکٹ لائیو سٹاک افیسر ڈاکٹر محمد انور زہری ایکسین پی ایچ ای عبدالروف قمرانی ایس ڈی او بی اینڈ آر نیاز احمد زہری پی پی ایچ آئی کے ڈی ایم صدام حسین ڈپٹی منیجر پی پی ایچ آئی ناصر احمد انجمن تاجران کے نمائندے محمد اقبال لانگو ہندو پنچایت کے سیٹھ جواری لال سنیل کمار اور تمام ضلعی محکموں کے سربراہان اور ان کے نمائندگان بھی موجود تھے، جنہوں نے موقع پر ہی متعدد مسائل کے حل کے لیے احکامات جاری کیے جبکہ بعض مسائل کو متعلقہ محکموں کو فوری کارروائی کے لیے بھجوا دیا گیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا انعقاد عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان براہ راست اور مؤثر رابطے کا بہترین ذریعہ ہے، جس کے ذریعے شہری اپنے مسائل بغیر کسی رکاوٹ کے پیش کر سکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری میں سامنے آنے والے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ فوری اور مؤثر اقدامات یقینی بنائیں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے انتظامیہ عوامی مسائل کے پائیدار حل کے لیے سنجیدہ اقدامات جاری رکھے گی۔ اس موقع پر کھلی کچہری سے قلات سکاٹ کے میجر اسرار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت ضلع خضدار میں متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں جبکہ کئی دیگر منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور ان کے مسائل میں نمایاں کمی لانے میں مدد ملے گا

### بقیہ 19

اکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کا موقف ہے کہ یہ واقعہ محض ایک اتفاقیہ سانحہ نہیں بلکہ متعلقہ انتظامیہ کی مسلسل غفلت اور سیکورٹی انتظامات کو نظرانداز کرنے کا نتیجہ ہے۔ تنظیم گزشتہ کئی ماہ سے ہسپتالوں میں فول پروف سیکورٹی کی فراہمی کے مطالبے کے لیے احتجاج، دھرنوں اور متعدد بار متعلقہ حکام کو تحریری وزبانی طور پر آگاہ کرتی رہے ہیں

### بقیہ 20

سٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، محکمہ پاپولیشن، ایم ایس مفتی محمود ہسپتال، ڈرگ کنٹرولر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈی ایچ او کوئٹہ نے تمام آر ایچ سیز میں عملے کی دستیابی، ادویات کی فراہمی اور درپیش مسائل پر بریفنگ دی، جبکہ ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی نے ضلع کوئٹہ کے 53 بی ایچ یوز کی کارکردگی اور سہولیات سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا۔ ڈرگ کنٹرولر نے ضلع میں ادویات کی نگرانی اور ڈرگ قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے بریفنگ پیش کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئی بھی میڈیکل اسٹور مستند ڈاکٹر کے نسخے کے بغیر کنٹرول شدہ ادویات فروخت نہیں کرے گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ میڈیکل اسٹور کو فوری طور پر سیل کیا جائے گا اور مالک کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے ہدایت کی کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی اور ڈرگ قوانین پر سختی سے عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

### بقیہ 21

ڈائریکٹر ہیلتھ مکران ڈاکٹر محب اللہ بلوچ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدی، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ڈاکٹر ارسلان، پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر (ڈی ایس ایم) ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ، ڈرگ انسپکٹر محمد اکرم بلوچ، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر (خزانہ) صدام بلوچ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع کیچ میں عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی، ادویات کی دستیابی، طبی عملے کو درپیش مسائل اور صحت کے شعبے کو مزید مؤثر بنانے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدی نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے طبی خدمات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، محکمہ صحت کے ملازمین کے رہائشی کوارٹرز کی الاٹمنٹ، بجلی، پانی، سیکیورٹی اور دیگر انتظامی امور سے متعلق اجلاس کو آگاہ کیا۔ انہوں نے درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی پیش کیں۔ بعد ازاں ڈرگ انسپکٹر محمد اکرم بلوچ نے ضلع بھر میں غیر قانونی، غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ ادویات کے خلاف جاری کارروائیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی۔ اسی طرح پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ اور عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ڈاکٹر ارسلان نے اپنے اپنے اداروں کی کارکردگی، جاری صحت پروگراموں اور عوامی صحت کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری، بروقت اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ انہوں نے غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے، سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی بہتر بنانے، طبی سہولیات میں مزید بہتری لانے اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دینے پر زور دیتے ہوئے یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ صحت کے شعبے کی ترقی اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

### بقیہ 22

اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے عملے کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری، بروقت اور خوش اخلاقی پر مبنی طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جبکہ حفاظتی ٹیکہ جات، زچہ و بچہ کی صحت اور بنیادی طبی سہولیات کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے ریکارڈ کو مکمل اور اپ ڈیٹ رکھنے، ادویات کی دستیابی برقرار رکھنے اور سرکاری اوقات کار کی سختی سے پابندی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق دوردراز علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی پی پی ایچ آئی کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام بنیادی مراکز صحت کی باقاعدہ مانیٹرنگ، مؤثر نگرانی اور کارکردگی کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ عوام کو بہتر، شفاف اور معیاری طبی خدمات میسر آ سکیں۔ واضح رہے کہ ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی کی جانب سے ضلع بھر کے بنیادی مراکز صحت کے باقاعدہ مانیٹرنگ دوروں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں اور صحت کی سہولیات کی فراہمی کے نظام میں مزید بہتری لائی جا رہی ہے۔

### بقیہ 23

ل (Order& Law General) اور قومی شاہراہ N-65 پر کمہری پل کے مقام پر پیش آنے والے چوری و ڈکیتی کے واقعات کی روک تھام شامل تھے۔

### بقیہ 24

بلوچستان میر سرفراز بگٹی دھرنا کمیٹی کے ساتھ تحریری معاہدہ کو عملی جامہ پہنائے اور بلوچستان کے حساس مسائل پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر لائحہ عمل طے کرے۔ بلوچستان میں افغان عسکر کی آبادکاری سے دہشت گردی کے واقعات، جرائم میں اضافے کا باعث بن رہی ہے انہوں نے کہا کہ پائیدار امن صرف عدل و انصاف کے اصولوں پر ہی ممکن ہے۔ بلوچستان کے عوام کو بارڈر سے درپیش معاشی محرومی اور وسائل پر تحفظات سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ جبری گمشدگیوں کو آئین اور قانون کے دائرے میں لا کر ختم کیا جائے۔ وسائل پر مقامی آبادی کو حقوق دیا جائے انہوں نے کہا کہ طاقت کی استعمال سے بلوچستان میں جو آگ لگائی اس سے آج بھی بلوچستان جل رہا ہے وفاق کی امتیازی سلوک اور ناانصافیوں سیاسی امن و ترقی میں رکاوٹ ہیں حکومت کی جابرانہ وظالمانہ پالیسیوں سے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے بدامنی کی جاری بحران اور معاملات کو سیاسی فہم وفراست اور تدبر سے حل کرے امن وامان کی مسئلہ پر سنجیدگی کی ضرورت ہے صرف امن وامان کے نام پر پروگرامات کی فوٹو سیشن بنانے سے امن قائم نہیں ہو سکتے ہیں مسلسل دہشت گردی کے واقعات سے عوام میں اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہے عوام کی جان ومال داؤ پر لگا دی۔

### بقیہ 25

شیڈول میں تبدیلی سے پیدا ہونے والی عوامی مشکلات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفد نے مؤقف اختیار کیا کہ رات کے اوقات میں بجلی کی بندش کے باعث علاقوں کے عوام شدید گرمی میں سخت مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، لہٰذا سابقہ شیڈول فوری طور پر بحال کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ رات کی لوڈشیڈنگ ختم کر کے لاکھڑا فیڈر کا پرانا بجلی شیڈول بحال کر دیا جائے گا، تاکہ عوام کو رات کے وقت درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔ وفد میں جام گروپ کے رہنما محمد رمضان جاموٹ، جنرل کونسلر نصیر احمد لنگاہ، اقلیتی رہنما لال چند لاسی عاشق بلوچ محمد انور، عبدالستار خاصخیلی، ماسٹر غنیمہ گنگو، قیمت رام سمیت اقلیتی برادری کے دیگر افراد شامل تھے۔

### بقیہ 26

ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا۔ نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانہ میں رکھ دیا گیا۔

### بقیہ 27

۔فیفا کے صدر جیانی انفانٹینو نے کہا کہ 2026ء کا ورلڈ کپ توقعات سے کہیں بڑھ کر کامیاب رہا اور ٹی وی ویورشپ نے گزشتہ تمام ریکارڈز کو کئی گنا پیچھے چھوڑ دیا۔ انہوں نے کہا کہ 16 اضافی ٹیموں کی شمولیت کے باعث یہ تاریخ کا سب سے بڑا ورلڈ کپ تھا، تاہم اس کی کامیابی صرف فارمیٹ کی توسیع تک محدود نہیں رہی بلکہ ایونٹ نے ہر لحاظ سے توقعات سے بڑھ کر نتائج دیے۔ فیفا کے مطابق ورلڈ کپ 2026ء سے حاصل ہونے والی آمدن 7 ارب یورو (تقریباً 8 ارب ڈالر) سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، جو قطر میں ہونے والے 2022ء ورلڈ کپ کے مقابلے میں 56 فیصد زیادہ ہے۔ امریکا، کینیڈا اور میکسیکو میں منعقد ہونے والے ٹورنامنٹ کے 104 میچز میں مجموعی طور پر تقریباً 68 لاکھ 10 ہزار شائقین نے اسٹیڈیمز کا رخ کیا، جبکہ اس سے قبل 1994ء میں امریکا میں ہوئے ورلڈ کپ میں 35 لاکھ 87 ہزار 538 تماشائیوں کی آمد کا ریکارڈ قائم ہوا تھا۔ اس بار اسٹیڈیمز میں نشستیں اوسطاً 99.7 فیصد بھری رہیں، جبکہ فی میچ اوسط حاضری 65 ہزار 351 شائقین ریکارڈ کی گئی، حالانکہ ٹکٹوں کی بلند قیمتوں پر تنقید بھی سامنے آئی۔ فیفا کا کہنا ہے کہ میزبان ممالک اور دنیا بھر میں ٹی وی ویورشپ کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے، اگرچہ ادارے نے ابھی تفصیلی اعداد و شمار جاری نہیں کیے، تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا کہ ورلڈ کپ کو دنیا بھر میں تقریباً 6 ارب افراد نے دیکھا۔ اس سے قبل قطر میں 2022ء کے فائنل، جس میں ارجنٹینا نے فرانس کو شکست دی تھی، کو 1.5 ارب افراد نے دیکھا تھا، جو اس وقت تک ورلڈ کپ کی تاریخ کا سب سے زیادہ دیکھا جانے والا میچ تھا۔ فیفا نے یہ بھی بتایا کہ سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ پر بھی ورلڈ کپ کو غیر معمولی پذیرائی ملی اور ایک اندازے کے مطابق راؤنڈ آف 16 کے اختتام تک 5.2 ارب افراد کم از کم ایک مرتبہ اس ٹورنامنٹ سے آن لائن منسلک ہوئے۔ ورلڈ کپ 2026ء کے مجموعی انعامی فنڈ میں بھی 15 فیصد اضافہ کیا گیا، جس کے بعد یہ 871 ملین ڈالر تک پہنچ گیا، جبکہ 2022ء ورلڈ کپ میں یہ رقم 440 ملین ڈالر تھی۔ جیانی انفانٹینو نے انکشاف کیا کہ 2030ء کے ورلڈ کپ کو 64 ٹیموں تک توسیع دینے کی تجویز پر بھی غور کیا جا رہا ہے، یہ معاملہ فیفا کونسل کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے۔ 2030ء کا فیفا ورلڈ کپ اسپین، پرتگال، مراکش، پیراگوئے، یوراگوئے اور ارجنٹینا کی مشترکہ میزبانی میں منعقد ہوگا۔

### بقیہ 28

، سردار حبیب الرحمٰن دومڑ، سردار شفیق ترین، نعمت کاکڑ، اصل خان اچکزئی، ابامین خان اچکزئی، عبداللطیف دومڑ، حاجی شیخ محمد دوتانی، محمد نور صاحب، نور محمد تورک، حاجی عبداللہ جان مجلوان آغا، طارق خان دومڑ، گاور خان، سعید محمد، رضا محمد رضا ناصر، عطاء اللہ خان، سردار عنایت اللہ و دیگر ضلعی، تحصیل اور علاقائی عہدیدار و کارکنان بھی شریک تھے۔ عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پارٹی رہنماؤں کے وفد نے کہا کہ جس طرح کوئٹہ کے کولہ پھاٹک پر زیارت پولیس سانحہ کے شہداء کے لواحقین اور عوام نے منظم انداز میں پرامن طور پر احتجاج اور دھرنا دیا اس دھرنے میں شہداء کے لواحقین کا صبر استقامت قابل تحسین ہیں ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

### بقیہ 29

نور خان بلوچ نے میٹرنل چائلڈ ہیلتھ سنٹر اورماڑہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران تحصیلدار نور خان بلوچ نے سنٹر کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، عملے کی حاضری چیک کی اور ادویات کے اسٹاک کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے انچارج میٹرنل چائلڈ ہیلتھ سنٹر ملک آلیہ سے ادارے کو درپیش مسائل، دستیاب طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ تحصیلدار نے سنٹر میں موجود بنیادی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور موقع پر ہی ضروری بنیادی ساز و سامان فراہم کیا۔ انہوں نے پانی کے دیرینہ مسئلے کے فوری حل کے لیے متعلقہ عملے کو ہدایت کی، جس پر کھدائی کر کے نئی پائپ لائن بچھائی گئی اور پانی کی فراہمی بحال کر دی گئی۔ نور خان بلوچ نے کہا کہ عوام کو صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے فیلڈ وزٹس کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور ادویات کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو کسی بھی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

### بقیہ 30

پمپ پر کھڑے آئل بوزر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ کی اطلاع پر فائر بریگیڈ کی 6 گاڑیاں موقع پر پہنچی آتش زدگی سے دو افراد جھلس کر جاں بحق ہو گئے فائر بریگیڈ کی ٹیموں نے آگ پر قابو پالیا۔

### بقیہ 31

کمل پر بھی غور کیا گیا۔ متعلقہ محکموں نے منصوبوں کے پی سی ون، جی پی ایس کوآرڈینیٹس، سائٹس کی تصاویر اور پیش رفت رپورٹس اجلاس میں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ معیار، شفافیت اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو جلد از جلد ان کے ثمرات حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے گی اور کسی بھی قسم کی غیر ضروری تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ تمام اقدامات حکومت بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات کے مطابق کیے جا رہے ہیں، جن کا مقصد ضلع چمن میں ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری، شفافیت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ضلع کی پائیدار ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی سے کام کر رہی ہے اور ہر منصوبے کی باقاعدہ مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

### بقیہ 32

پولیس جاگر بلوچ محکمہ تعلیم کے افسران، سوشل ویلفیئر، این جی اوز، ترقیاتی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع میں تعلیم کو درپیش مسائل، ان کے پائیدار حل اور تعلیمی شعبے کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کلسٹر بجٹ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن ایکشن پلان، داخلہ مہم، اسکول چھوڑنے والے بچوں (Dropout) کی شرح میں کمی، غیر فعال (Non-Functional) اسکولوں کی بحالی، تعلیمی اہداف اور مجموعی پیش رفت پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری ترقیاتی پروگراموں PSDP، PSDI اور BSDI کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ شرکا کو اسکولوں کی نئی عمارتوں، تکمیل شدہ ترقیاتی منصوبوں، BSDI فیز ون کے مکمل منصوبوں، زیر تعمیر اسکیموں اور اسکولوں کی سولرائزیشن سے متعلق پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو (ظہور احمد بلوچ نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ طلبہ کو جدید اور بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس میں SST اساتذہ کی کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتیوں کے حوالے سے بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ اعلیٰ حکام سے منظوری حاصل ہونے کے بعد ضلع گوادر بلوچستان کا پہلا ضلع ہوگا جہاں ایس ایس ٹی اساتذہ کی کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ریکروٹمنٹ کمیٹی، پالیسی اور آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے نان فارمل ایجوکیشن سینٹرز اور مدارس سے متعلق امور پر بھی بریفنگ دی گئی، جبکہ سرکاری نصابی کتب اور پروف امپروومنٹ بکس کی بروقت تقسیم کا جائزہ لیتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران سے پیش رفت دریافت کی اور ہدایت کی کہ تمام طلبہ کو بروقت نصابی کتب کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاسوں میں ووکیشنل ٹریننگ سینٹرز کے نمائندوں کو بھی باقاعدگی سے مدعو کیا جائے تاکہ نوجوانوں کو فنی و پیشہ ورانہ تعلیم کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر )ریونیو (ظہور بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں تعلیمی شعبے کی بہتری، جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی استعداد کار میں اضافہ اور ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، اور ضلعی انتظامیہ ان اہداف کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام جاری رکھے گی۔

### بقیہ 33

ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سرکاری معلومات تک بروقت رسائی فراہم کرنا ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے، جبکہ معلومات تک رسائی سے نہ صرف عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے بلکہ گورننس کے نظام میں بھی بہتری آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان انفارمیشن کمیشن عوام میں حق معلومات کے قانون سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے مختلف اضلاع میں آگاہی پروگراموں کا انعقاد جاری رکھے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اپنے قانونی حق سے آگاہ ہو سکیں۔ تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر کمشنر بلوچستان انفارمیشن کمیشن عبدالشکور نے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں اور اس امید کا اظہار کیا کہ شرکاء حق معلومات کے پیغام کو معاشرے کے مختلف طبقات تک پہنچانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں گے۔ شرکاء نے حق معلومات کے قانون کے حوالے سے منعقدہ آگاہی نشست کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے بلوچستان انفارمیشن کمیشن کی جانب سے حق معلومات کے قانون کے فروغ کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔

### بقیہ 34

سمیت مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقاریب منعقد کی جائیں گی جن میں مقررین مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی زندگی، ملک و ملت کیلئے عظیم خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی سیاسی زندگی پر روشنی ڈالیں گے جبکہ ٹی وی چینلز سے بھی مادر ملت کے حالات زندگی کے حوالے سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح 31 جولائی 1893ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں وہ 1947ء میں دہلی کو خیر باد کہہ کر کراچی منتقل ہو گئیں، انہوں نے 1965ء میں متحدہ حزب اختلاف کے پلیٹ فارم سے منصب صدارت کیلئے ایوب خان کا مقابلہ کیا لیکن کامیابی سے ہمکنار نہ ہو سکیں۔ بانی پاکستان حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی وفات کے بعد جمہوری اقدار کو از سر نو زندہ رکھنے کا کریڈٹ محترمہ فاطمہ جناح کو ہی جاتا ہے۔ محترمہ فاطمہ جناح 9 جولائی 1967ء کو انتقال کر گئیں۔

### بقیہ 35

و چیلنجز پر غور کرنا اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل مرتب کرنا تھا۔ اجلاس میں ڈاکٹر نور حسین نگھی، ہیلتھ آفیسر (امیونائزیشن اینڈ سسٹم اسٹرینتھننگ)، یونیسیف بلوچستان، ڈاکٹر ظفر اقبال خوستی، ٹی ایف پی، ای پی آئی، گیٹس فاؤنڈیشن، اور ای پی آئی بلوچستان کی انتظامی و تکنیکی ٹیم کے اراکین نے بھی شرکت کی۔

### بقیہ 36

حمد، انعام اللہ، جاوید اقبال، سیف اللہ، زخمی ہو گئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی سوراب پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

### بقیہ 37

ف ہو رہا ہے۔ ادھر خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ مجتبیٰ خامنہ ای اپنے والد کی شہادت کے بعد سے منظر عام پر نہیں آئے۔ خبر ایجنسی نے قریبی ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ مجتبیٰ خامنہ ای امریکی حملے میں شدید زخمی ہوئے تھے۔ انہیں چہرے اور ٹانگوں پر شدید نوعیت کے زخم آئے تھے۔

### بقیہ 38

میں شہریوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع ڈائریکٹر فشریز احمد ندیم، میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین ماجد جوہر سمیت دیگر مختلف محکموں کے سربراہان اور نمائندوں نے شرکت کی عوامی مسائل کے بروقت اور مؤثر حل کے حکومتی وژن کے تحت منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنے انفرادی اور اجتماعی مسائل متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈائریکٹر فشریز، چیئرمین میونسپل کارپوریشن و دیگر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو عوامی شکایات کے فوری ازالے، باہمی رابطے کو مؤثر بنانے اور مقررہ مدت میں پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت کی کھلی کچہری کے دوران پانی، بجلی، بارڈر ٹریڈ، امن و امان، صحت، تعلیم، ریونیو، پولیس، صفائی، بلدیاتی خدمات، شہری سہولیات اور نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم سمیت مختلف عوامی مسائل زیر بحث آئے، جن پر متعلقہ افسران نے موقع پر ضروری احکامات جاری کرتے ہوئے مؤثر کارروائی کی یقین دہانی کرائی۔ طلبہ کے لیے تعلیمی وظائف سے متعلق مسائل پیش کیے، جس پر اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ اداروں سے فوری رابطہ کر کے مسائل کے حل اور طلبہ کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے فنی و پیشہ ورانہ تربیت پروگرامز کے فروغ پر بھی زور دیا گیا ماہی گیری کے شعبے سے وابستہ افراد نے فشریز، جھینگا مچھلی کی شکار خرید و فروخت اور ماہی گیروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا، جس پر متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی کہ اس شعبے کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرتے ہوئے اس کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطہ بہتر طرز حکمرانی کی بنیاد ہے، جبکہ کھلی کچہری جیسے عوامی فورمز مسائل کے بروقت حل، شفافیت، جوابدہی اور عوامی اعتماد کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ہدایات کے مطابق عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی خدمت کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایسے عوامی رابطہ پروگرام باقاعدگی سے جاری رکھے جائیں گے۔

### بقیہ 39

سلطانہ، ایم ڈی کے انجینئر گل محمد خان خروٹی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر زمان حمزہ زئی، واپڈا حکام، انجمن تاجران کے نمائندگان، مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں، ضلعی محکموں کے سربراہان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی، جبکہ مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی، سڑکوں، نکاسی آب، امن و امان، ریونیو، انفراسٹرکچر اور دیگر عوامی مسائل سے متعلق زبانی اور تحریری درخواستیں پیش کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے عوام کی شکایات اور تجاویز کو تفصیل سے سنا اور متعدد مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو احکامات جاری کیے، جبکہ دیگر نوعیت کے معاملات کے لیے مقررہ مدت میں کارروائی مکمل کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی خدمت، شفاف طرز حکمرانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ضلعی انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے

تصادم کے نتیجے میں 3افراد طلحہ سکنہ کوئٹہ، محی الدین، سکنہ پشین، حبیب شاہ سکنہ نوشکی، موقع پر ہلاک ہوگئے

## کوئٹہ کراچی شاہراہ پر دو گاڑیوں کے درمیان تصادم 3افراد جاں بحق 4زخمی

پولیس نے زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) سوراب کے علاقے میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر دو گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 3افراد جاں بحق اور 4زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز سوراب کے علاقے لغاز میں قومی شاہراہ پر کراچی سے کوئٹہ آنے اور کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو تیز رفتار کاروں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 3افراد طلحہ سکنہ کوئٹہ، محی الدین، سکنہ پشین، حبیب شاہ سکنہ نوشکی، موقع پر ہلاک ہوگئے جبکہ 4افراد سراج (باقی صفحہ 3 نمبر36)

## یونیسف اور ای پی آئی بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام مزید موثر بنانے پر متفق

معمول کی ویکسینیشن، کولڈ چین اور تکنیکی تعاون مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق

کوئٹہ (آن لائن) یونیسف کے امیونائزیشن اسپیشلسٹ کا ای پی آئی بلوچستان کا دورہ، معمول کی حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمات مزید موثر بنانے پر اتفاق ایکسپینڈڈ پروگرام آن امیونائزیشن (EPI) بلوچستان کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر آفتاب حسین کاکڑ کی زیر صدارت ایک اہم رابطہ و جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں یونیسف کنٹری آفس اسلام آباد کے امیونائزیشن اسپیشلسٹ مسٹر عیسیٰ ایمانوئل نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد بلوچستان میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات (Routine Immunization) پروگرام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لینا، موجود (باقی صفحہ 3 نمبر35)

## مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کا 133واں یوم پیدائش 31جولائی کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) تحریک پاکستان کی نامور رہنما، مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کا 133واں یوم پیدائش 31جولائی کو منایا جائے گا۔ تحریک پاکستان کی عظیم رہنما اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح کے یوم پیدائش کے حوالے سے مسلم لیگ (باقی صفحہ 3 نمبر34)

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نواں کلی میں زیر تعمیر بائی پاس پل کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

سلال ڈیم معاملہ عالمی اور قانونی فورمز پر اٹھایا جائے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

## پاکستان اپنے آبی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، سینیٹر محمد عبدالقادر

بھارت نے سلال ڈیم کے گیٹس پیشگی اطلاع کے بغیر کھولے تو یہ انڈس واٹر ٹریٹی کی سنگین خلاف ورزی ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار اور سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اگر بھارت نے سلال ڈیم کے گیٹس پاکستان کو پیشگی اطلاع دیے بغیر کھولے ہیں تو یہ انڈس واٹر ٹریٹی کی روح اور دونوں ممالک کے درمیان قائم آبی اعتماد کے نظام کی سنگین خلاف ورزی ہے ایسے اقدامات نہ صرف لاکھوں شہریوں، زرعی اراضی اور قومی انفراسٹرکچر کو خطرات سے دوچار کرتے ہیں بلکہ پورے خطے کے امن وا (باقی صفحہ 3 نمبر1)

## چیف جسٹس آف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کا 61واں اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کا 61واں اجلاس سپریم کورٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں عدالتی اصلاحات کے ایک جامع روڈ میپ "نیشنل جوڈیشل ریفارم فریم ورک" کی اصولی منظوری دے (باقی صفحہ 3 نمبر40)

## پنجاب حکومت نے آٹا اور گندم بلوچستان آنے پر سخت پابندی لگا رکھی ہے، قیوم آغا

پنجاب سے جو گندم اور آٹا بلوچستان آتا ہے تو کوئی وجہ معلوم بھی نہیں، مرکزی تنظیم تاجران

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی عبدالجبار کاکڑ اور دیگر عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں صوبہ پنجاب حکومت کے اس طرز عمل پر انہیں شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبہ پنجاب سے جو گندم اور آٹا صوبہ بلوچستان آتا ہے تو کوئی وجہ معلوم بھی نہیں ہو رہا پنجاب کی حکومت نے وہ آٹا اور گندم بلوچستان آنے پر سخت پابندی لگا رکھی ہے جس کی نہ کوئی وجوہات ہیں نہ کوئی معلومات ہے تو اس حوالے سے ہم پنجاب حکومت کے اس ناروا عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں کہ (باقی صفحہ 3 نمبر2)

## شہریوں کو سرکاری معلومات تک بروقت رسائی فراہم کرنا ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے، عبدالشکور

حق معلومات کا قانون شفاف، جوابدہ اور عوام دوست طرز حکمرانی کے فروغ میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، مقررین کا خطاب

انفارمیشن کمیشن عوام میں حق معلومات کے قانون سے متعلق شعور اجاگر کرنے کیلئے مختلف اضلاع میں آگاہی پروگراموں کا انعقاد جاری رکھے گا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان انفارمیشن کمیشن کے زیر اہتمام حق معلومات ایکٹ سے متعلق ایک روزہ آگاہی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں سول سوسائٹی کے نمائندوں، طلبہ اور قانون کے شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر بلوچستان انفارمیشن کمیشن، عبدالشکور نے کہا کہ حق معلومات کا قانون شفاف، جوابدہ اور عوام دوست طرز حکمرانی کے فروغ میں بنیادی کردار (باقی صفحہ 3 نمبر33)

## اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی زیر صدارت کھلی کچہری

مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی

ضلعی انتظامیہ وشہریوں کے درمیان موثر رابطے کا مثبت اقدام قرار دیا

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس میں عوامی مسائل کے بروقت حل اور شہریوں کو سرکاری سہولیات کی موثر فراہمی کے حوالے سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ڈی ایس پی) محمد اکبر، اسسٹنٹ کمشنر بیکتر اسرار احمد، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) قمر (باقی صفحہ 3 نمبر39)

## اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم خان کے زیر صدارت کھلی کچہری

مچھلی کی شکار خرید وفروخت اور ماہی گیروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم خان کے زیر صدارت کھلی کچہری منعقد ہوا کھلی کچہری میں عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کی ہدایت، طلبہ اور ماہی گیروں کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا کھلی کچہری (باقی صفحہ 3 نمبر38)

## قومی شاہراہیں دہشتگردوں، ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، پشتونخوا نیپ

صوبائی حکومت، وفاقی حکومت اور امن وامان کے قیام کے ذمہ دار اداروں کی مسلسل ناکامی، نااہلی اور مجرمانہ غفلت کا واضح ثبوت ہے

کوئٹہ واپس آرہے تھے کہ منگوچر کے مقام پر مسلح ڈاکوؤں اور جتھوں نے ان کی گاڑیوں کو روک کر انتہائی انسانیت سوز اور قابل مذمت کارروائی کی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ مذمتی میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ۔کراچی شاہراہ، بالخصوص مستونگ، منگوچر اور خضدار کا وسیع علاقہ آج عملاً مسلح جتھوں، دہشت گردوں، ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ صورتحال صوبائی حکومت، وفاقی حکومت اور امن و امان کے قیام کے ذمہ دار اداروں کی مسلسل ناکامی، نااہلی اور مجرمانہ غفلت (باقی صفحہ 3 نمبر3)

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای سے رابطوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان

تہران (آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای سے رابطوں میں روز بروز اضا (باقی صفحہ 3 نمبر37)

## ٹریفک پولیس کی کارروائی، 20سے زائد ٹریکٹر سیکشن 115 کے تحت بند

ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) ٹریفک پولیس نے شہر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 20سے زائد ٹریکٹر سیکشن 155 کے تحت بند کر دیے۔ ٹریفک حکام کے مطابق کارروائی کے دوران بغیر ڈرائیونگ لائسنس ٹریکٹر چلانے والے ڈرائیوروں کے خلاف الگ سے جرمانے کیے گئے، جبکہ ریفلیکٹر لائسنس نہ ہونے پر بھی قانون کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر4)

## حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت اہم اجلاس

کسی بھی قسم کی غیر ضروری تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت آج ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں ضلعی ترقیاتی کمیٹی (DDC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران، سیکیورٹی اداروں کے نمائندوں، ایکسیئن اور بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے انجینئرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع چمن میں فیز ون اور فیز ٹو کے مکمل اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ فیز تھری کے منصوبوں پر بروقت اور موثر عملدرآمد کے لیے لائحہ (باقی صفحہ 3 نمبر31)

## ظہور بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق ضلع گوادر میں معیاری تعلیم کے فروغ، تعلیمی نظام کو مزید موثر بنانے اور طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ظہور بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ڈی ایس پی (باقی صفحہ 3 نمبر32)

## کوئٹہ، آئل بوزر میں آگ لگنے سے دوافراد جھلس کر جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے میں آئل بوزر میں آگ لگنے سے دوافراد جھلس کر جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سریاب کسٹم کے علاقے میں پٹرول (باقی صفحہ 3 نمبر30)

## تحصیلدار اورماڑہ کا میٹرنل چائلڈ ہیلتھ سنٹر اورماڑہ کا دورہ

گوادر/اورماڑہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے عزم کے تحت تحصیلدار اورماڑہ (باقی صفحہ 3 نمبر29)

## حکومت عوامی مفاد میں عملی اقدامات کر رہی ہے، میر بلال صادق عمرانی

نرسنگ کالج نصیرآباد کے زیر اہتمام اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں نرسنگ سیمینار کا انعقاد

نرسنگ کالج کی لیکچرار رابعہ فراح، آسیہ سمیت نرسنگ اسٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی

نصیرآباد (خ ن) نرسنگ کالج نصیرآباد کے زیر اہتمام اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں نرسنگ سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل جبکہ اعزازی مہمان خصوصی چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اور پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد ڈویژن کے صدر میر بلال صادق عمرانی تھے۔ سیمینار میں چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر عارف لہڑی، مرزا مینگل، بابو محمد اعظم بہرانی، ارشاد علی جمالی، محمد رحیم مگسی، نرسنگ کالج کی لیکچرار رابعہ فراح، آسیہ سمیت نرسنگ اسٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر نرسنگ اسٹاف کی جانب سے ڈیزاسٹر (باقی صفحہ 3 نمبر8)

## بارکھان پولیس کی کامیاب کارروائی اشتہاری ملزم گرفتار

بارکھان (خ ن) ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور سپرنٹنڈنٹ آف پولیس بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں بارکھان پولیس نے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

## ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے مختلف محکموں کے افسران سے تفصیلی بریفنگ لی

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج مختلف محکموں کے افسران سے تفصیلی بریفنگ لی۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عابد علی رند اور ایکسین واپڈا وریام مگھو سمیت متعلقہ افسران موجود تھے اجلاس کے (باقی صفحہ 3 نمبر7)

## مولانا قمرالدین کی حیدری ہاؤس پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد آمد

مولانا عبدالغفور حیدری کی عیادت کی، نیک خواہشات کا اظہار

خضدار (آن لائن) جمعیت علما اسلام پاکستان کے مرکزی سرپرست اعلیٰ و امیر جے یو آئی خضدار مولانا قمرالدین کی حیدری ہاؤس پارلیمنٹ لاجز اسلام آباد آمد۔ جمعیت علما اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل، ایم این اے حضرت مولانا عبدالغفور حیدری صاحب سے ملاقات۔ مولانا حیدری کی طبیعت پرسی اور انکے جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعاؤں کیساتھ نیک تمناؤں (باقی صفحہ 3 نمبر5)

## اوستہ محمد میں پولیس کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے گئے

کھلی کچہری میں شہریوں، معززین علاقہ اور تاجروں کی بڑی تعداد کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایت پر ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے تحصیل مسجد شاہی بازار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں، معززین علاقہ اور تاجروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد نے عوام سے براہ راست ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل شکایات اور تجاویز سنیں۔ انہوں نے شکایات (باقی صفحہ 3 نمبر6)

احتجاج، دھرنا اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی شہداء کا خون ہم سب سے اس بات کا تقاضا کرتا ہے

## سانحہ زیارت پولیس کے شہداء کے لواحقین کا صبر و استقامت قابل تحسین ہیں، پشتونخوامیپ

پشتونخوامیپ کے وفد نے سانحہ زیارت پولیس شہدا کے گھر زیارت، سنجاوی اور لورالائی جاکر تعزیت وفاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پارٹی کے مرکزی وصوبائی ایگزیکٹوز اور ضلعی رہنماؤں نے سانحہ زیارت کے پولیس شہدا کے ایصال ثواب کے لیے زیارت، سنجاوی اور لورالائی جاکر علیحدہ علیحدہ فاتحہ خوانی اور لواحقین سے اظہار تعزیت وشہداء کے درجات بلندی کے لیے خصوصی دعا کی۔ وفد میں آغا سید لیاقت علی، جبار خان اتمانخیل، کبیر افغان (باقی صفحہ 3 نمبر28)

کوئٹہ، سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ کو چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان بریفنگ دے رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک سے کویت فارن پیٹرولیم ایکسپلوریشن کمپنی کا وفد سے ملاقات کررہا ہے

## کوئٹہ، 5نامعلوم افراد کی نعشیں ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) سوراب اور قلات سے گزشتہ شب 5نامعلوم افراد کی نعشیں ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب سوراب کے علاقے سے 3نامعلوم افراد کی نعشیں ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا اسی طرح قلات کے علاقے رنج سے دوافراد کی نعشیں (باقی صفحہ 3 نمبر26)

## وائی ڈی اے کی ٹیچنگ ہسپتال تربت میں مسلح افراد کی یلغار

ڈاکٹروں اور طبی عملے کو اسلحہ کے زور پر ہراساں کرنے کی شدید مذمت

کوئٹہ (آن لائن) ٹیچنگ ہسپتال تربت میں مسلح افراد کی یلغار، ڈاکٹروں اور طبی عملے کو اسلحہ کے زور پر ہراساں کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان، اتوار کی شب ٹیچنگ ہسپتال تربت میں پیش آنے والے انتہائی افسوسناک، شرمناک اور تشویشناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے، جس میں مسلح افراد ہسپتال کے احاطے میں داخل ہوئے، ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملے کو اسلحہ کے زور پر دھمکایا، خوف و ہراس پھیلایا اور ہوائی فائرنگ کرکے ہسپتال کے تقدس کو پامال کیا۔ ینگ ڈ (باقی صفحہ 3 نمبر19)

## ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات، طبی عملے کی حاضری، ادویات کی فراہمی، ڈرگ کنٹرول اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او، ڈ (باقی صفحہ 3 نمبر20)

## اسداللہ فیض کی زیر صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موجودگی بڑھائی جائے گی

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض کی زیر صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی پی سبی رینج پرویز احمد عمرانی، ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز علی کھیتران، ایس ایس پی سبی عبدالحمید سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اور دیگر متعلقہ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں تین اہم ایجنڈا نکات پر تفصیلی غور کیا گیا، جن میں پروونشل ایکشن پلان (PlanActionProvincial)، امن وامان کی مجموعی صورتحال (باقی صفحہ 3 نمبر23)

## ڈاکٹر تولا رام لاسی کی قیادت میں وفد کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے ملاقات

لسبیلہ (خ ن) وفاقی وزیر تجارت جام میر کمال خان عالیانی اور پارلیمانی سیکرٹری میر زرین خان مگسی کی ہدایت پر اقلیتی رہنما ڈاکٹر تولا رام لاسی کی قیادت میں ایک وفد نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران لاکھڑا فیڈر پر حالیہ بجلی لوڈشیڈنگ کے (باقی صفحہ 3 نمبر25)

## فیفا ورلڈ کپ 2026ء تاریخ کا سب سے بڑا ایونٹ بن گیا، کئی ریکارڈز توڑ ڈالے

2026ء کا ورلڈ کپ توقعات سے کہیں بڑھ کر کامیاب رہا، صدر فیفا جیانی انفانٹینو کی بات چیت

نیویارک (آن لائن) فیفا ورلڈ کپ 2026ء نے 48 ٹیموں کے نئے فارمیٹ کی بدولت اسٹیڈیم میں شائقین کی حاضری اور ٹی وی ناظرین کے تمام سابقہ ریکارڈز توڑ دیے (باقی صفحہ 3 نمبر27)

## ڈپٹی کمشنر خضدار نے ڈسٹرکٹ کونسل ہال خضدار میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اپنے مسائل بلاجھجک تحریری وزبانی طور پر پیش کیے

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ڈسٹرکٹ کونسل ہال خضدار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا اس کھلی کچہری کی سربراہی اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالحفیظ کاکڑ قلات۔کٹ خضدار کے میجر اسرار نے مشترکہ طور پر کی کھلی کچہری میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل بلاجھجک تحریری وزبانی طور پر پیش کیے عوام کی جانب سے جن اہم مسائل کی نشاندہی کی گئی ان میں تعلیم پینے کے صاف پانی اور صحت کی سہولیات میں (باقی صفحہ 3 نمبر18)

## ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں منعقد ہوا، جس میں ضلع کیچ میں صحت کے شعبے کی مجموعی صورتحال، طبی سہولیات کی فراہمی اور محکمہ صحت کو درپیش مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 3 نمبر21)

## ڈاکٹر مرشد دشتی کا (BHU) شادو بند کا مانیٹرنگ دورہ

بروقت اور خوش اخلاقی پر مبنی طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر میں بنیادی مراکز صحت کی مسلسل نگرانی کا عمل جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مرکز صحت (BHU) شادو بند کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے طبی و پیرامیڈیکل عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائٹ، ماں اور بچے کی صحت (MNCH) سینٹر، ادویات کی دستیابی، صفائی کی صورتحال، ریکارڈ کی تکمیل (باقی صفحہ 3 نمبر22)

مسلسل دہشت گردی کے واقعات سے عوام اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہے، مولانا قادر لونی

## امن وامان کی مسئلہ پر سنجیدگی کی ضرورت ہے، جمعیت نظریاتی

بلوچستان میں افغان عسکری کی آبادکاری سے دہشت گردی کے واقعات، جرائم میں اضافے کا باعث بن رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الحدی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجم خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 3 نمبر24)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## تربیلا، منگلا اور چشمہ میں قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 65 لاکھ 27 ہزار ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا

دریاؤں میں پانی کی آمد و اخراج معمول کے مطابق، تربیلا میں آمد 2لاکھ 85ہزار 700 کیوسک ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) مون سون سیزن کے دوران ملک کے بڑے آبی ذخائر اور دریاؤں میں پانی کی صورتحال مستحکم ہے۔ واپڈا کے مطابق تربیلا، منگلا اور چشمہ ریزروائرز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ 65 لاکھ 27 ہزار ایکڑ فٹ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ دریائے سندھ، جہلم، چناب اور کابل میں پانی کی آمد و اخراج معمول کے مطابق جاری ہے۔ واپڈا کے ترجمان (باقی صفحہ 3 نمبر12)

## لوکل گورنمنٹ بھی کسی دباؤ کے تحت بیپرا قوانین سے ہٹ کر ٹینڈرز پالیسی پر عمل ممکن نہیں بنا سکتی اے ڈی لوکل گورنمنٹ

ڈھاڈر (آن لائن) لوکل گورنمنٹ بھی کسی دباؤ کے تحت بیپرا قوانین سے ہٹ کر ٹینڈرز پالیسی پر عمل ممکن نہیں بنا سکتی اور ناہی قواعد (باقی صفحہ 3 نمبر13)

## ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

تمام سرکاری اسکولوں میں تدریسی سرگرمیوں کو مزید موثر بنایا جائے، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں تعلیمی امور، نان فنکشنل اسکولوں کی بحالی، اساتذہ کی دستیابی اور اسکولوں کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (میل و فیمیل)، متعلقہ ڈی ڈی اوز، آر ٹی ایس ایم (RTSM) اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع میں موجود 150 نان فنکشنل اسکولوں میں سے 128 اسکول مکمل طور پر فعال کیے جا چکے ہیں، جبکہ باقی اسکولوں کو بھی جلد فعال (باقی صفحہ 3 نمبر16)

## کرخ کے عوام تقریباً ایک سال سے بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، اقرا جاموٹ

خضدار (آن لائن) تحصیل کرخ کی سیاسی و سماجی خواتین رہنما اقرا جاموٹ نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ کرخ کے عوام تقریباً ایک سال سے بجلی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہیں، مگر افسوس کہ جن نمائندوں کو عوام نے اپنے ووٹ کی طاقت سے اسمبلیوں تک (باقی صفحہ 3 نمبر15)

## پولیس ڈاکو اتحاد پھر سے قائم ہوتا جارہا ہے، پشتونخوامیپ

جرائم پیشہ عناصر کا گڑھ، ہزارگنجی سے اختر آباد و دیگر پولیس ناکوں پر عوام کو لوٹا جارہا ہے

گھر میں ڈکیتی کی واردات کی مذمت، ڈاکوؤں کو گرفتار اور تمام سامان برآمد کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ و گردونواح کے علاقوں میں عوام کے سر و مال کی تحفظ کے سنگین مسئلے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں بالخصوص ہزارگنجی، مشرقی و مغربی بائی پاس، تختانی بائی پاس، سریاب سرکل اور دیگر علاقوں میں بڑھتی ہوئی چوری و ڈکیتی کی وارداتوں نے عوام کو سخت مشکلات سے د (باقی صفحہ 3 نمبر14)

## بی ایف اے کی عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کارروائیاں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے صوبہ بھر میں کارروائیاں (باقی صفحہ 3 نمبر10)

## ڈپٹی کمشنر زیارت کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی اور ڈی آئی سی سی کا اہم اجلاس

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی اور ڈی آئی سی سی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ، ایف سی 155 ونگ کے لیفٹیننٹ کرنل ذیشان، میجر عامر، ایس پی زیارت عبدالمالک، اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہ غلزئی، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد (باقی صفحہ 3 نمبر11)

## ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ لسبیلہ نے عملدرآمد شروع کر دیا

اوتھل (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری حمزہ شفقات کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ لسبیلہ نے عملدرآمد شروع کر دیا ہے امن وامان کی صورتحال اور سیکیورٹی ایس او پیز کے پیش نظر ضلع بھر میں رہائشی مکانات کی کرایہ داری ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کیلئے ضلعی پو (باقی صفحہ 3 نمبر17)

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی سے علاقے کے لوگ ملاقات کررہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیروطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس:2824878 موبائل نمبر:03337867133 ای میل twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com